ہر قسم کے روحانی وجسمانی مسائل کے حل پر مفصل منفرد و مستند کتاب

سورۃ ملک سے مشکلات کا حل



فہرست

تعارف سورۃ ملک

نام	سورۃ ملک	لغوی معنی	بادشاہی	تعداد رکوع	۲	منزل	۷
پارہ	۲۹	ترتیب سورۃ	۶۷	نزول سورۃ	۷۷	مقام نزول	مکہ
تعداد آیات	۳۰	تعداد کلمات	۳۳۰	تعداد حروف	۱۳۱۳	......	......

تعداد سورۃ ملک ۲۰۳۸۰

نقش سورۃ ملک یہ ہے

۶۷۹۰	۶۷۹۸	۶۷۹۲
۶۷۹۶	۶۷۹۳	۶۷۹۱
۶۷۹۴	۶۷۸۹	۶۷۹۷

نقش کی رفتار یہ ہے۔

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

مندرجہ بالا نقش خاکی چال سے پر کیا گیا ہے کسر اکی وجہ سے خانہ ۷ میں ۲ کا اضافہ کر دیا گیا ہے اس نقش کو اس وقت لکھیں جب طالع سرطان ہو ساعت زہرہ کی ہو دن جمعہ کا، بخور میں شنگرف جلائیں تعویذ لکھنے کے لئے آسمانی رنگ کا کاغذ استعمال کریں۔

زکوٰۃ سورۃ ملک

سورۃ ملک کا زکوٰۃ درج ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ نئے چاند کے پہلے بدھ، جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھے اور بعد نماز عشاء وتروں سے قبل ننگے سر قبلہ رخ کھڑے ہو کر اول و آخر درود ابراہیمی ۱۱ بار پڑھ کر پہلے روز ۳۰ بار، دوسرے روز ۲۱ بار اور تیسرے روز ۱۲ بار سورۃ ملک پڑھے۔ ہفتہ کے روز علی الصبح ۳ پاؤ شیرینی لے کر عنداللہ تقسیم کرے۔ یہ اس عمل کی زکوٰۃ ہے۔

اب اس زکوٰۃ کے عمل کو ہمیشہ کے لئے قائم رکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ سات روز تک روزانہ بعد از نماز فجر ۱۰ بار سورۃ ملک کا ورد مسلسل شروع کرے اور فوائد عجیب دیکھے۔

تسخیر مؤکل سورۃ ملک

مندرجہ ذیل عمل سورہ ملک باموکل بہت ہی مفید اور نافع ہے۔ اس عمل کا عامل جو بات بھی جائز پسند کرے، فوراً پوری ہو۔ دین و دنیا میں کسی بھی پریشانی

کا سامنا کرنا پڑے اور نہ ہی کسی بھی قسم کی مشکل اور ابتلاء سے دوچار ہو۔ اس کے ہر کام اور ہر معاملہ میں آسانی پیدا ہو۔ غرضیکہ اس کے لاتعداد فوائد و برکات ہیں جو بیان سے باہر ہیں۔

اس عمل کے چلہ کے لئے ذیل کی شرائط کی پابندی لازمی ہے۔ بصورت دیگر عمل میں خرابی پیدا ہو کر عامل کے لئے سخت مشکل و ابتلاء کا باعث بن جائے گی۔ اس لئے بہتر یہ ہے کہ اس عمل کو کسی صاحب نظر بزرگ کی زیر نگرانی اور ہدایات کے کیا جائے۔ سب سے پہلے اکل حلال اختیار کرے۔ اس کے بعد ہر قسم کا ترک جلالی و جمالی اختیار کرے۔ بدبودار اور ممنوعہ اشیاء سے پرہیز کرے۔ ہر روز غسل کر کے پاک صاف ہو۔ اس کے لئے پاک صاف تنہائی والی محفوظ جگہ کا بندوبست کرے۔ اس کے بعد یہ عمل نئے چاند کی پہلی اتوار کو شروع کرے۔ یہ عمل تین چلوں میں پورا ہو گا اور ہر چلہ ۲۸ یوم پر مشتمل ہے۔ اگر تینوں چلے اوپر تلے کرے تو بہتر ہے۔ بصورت دیگر درمیان میں چند یوم کا وقفہ ڈال لے۔ اثنائے چلہ اس بات کی احتیاط کرے کہ اس کی کوئی نماز بالخصوص نماز فجر کسی بھی طرح نہ چھوٹے اور نہ ہی قضاء ہو۔ دوسرے چلہ کے دوران اگر اس کا کوئی دوست، بھائی، بہن، والدین یا کوئی عزیز رشتہ دار کوئی چیز دے تو ہرگز نہ لے۔ اس شے کے لینے سے عمل ٹوٹ جاتا ہے اور پھر نئے سرے سے شروع کرنا پڑتا ہے۔ شے سے مراد کھانے پینے والی اشیاء، تحفہ یا نقدی وغیرہ ہے اور اس کا پرہیز سختی سے کرنا لازم ہے۔ اس کے علاوہ دوران چلہ بیوی کے ساتھ ہمبستری بالکل نہ کرے اور اس سے بچا رہے ورنہ عمل الٹا بھی پڑ سکتا ہے اور بیماری کا

باعث بن سکتا ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ اس عمل کے موکلات دوران چلہ مختلف شکلوں میں یا مختلف حالتوں میں آ کر دھوکہ دیتے ہیں۔اس لئے بہتر یہ ہے کہ ان کے دھوکا میں بالکل نہ آئے۔اس کے علاوہ وقت کی پابندی کا خاص خیال رکھے۔دوران عمل یہ بھی خاص خیال رکھے کہ اگر کوئی بھی شکل چرند، درند، شیر وغیرہ سامنے آئے تو اس سے ہرگز خوف نہ کھائے اور اگر وہ منہ کھولے تو اس کے منہ میں کوئی بھی شے جو پہلے سے اپنے پاس رکھی ہو، ڈال دے۔خواہ وہ شے نقدی کی صورت میں ہو، یا کھانے کی شے ہو۔

غرضیکہ اس کے منہ کھولنے پر اس کے منہ میں کسی شے کا ڈالنا بہت ضرور ہے، ورنہ اس شے سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔دیگر تمام احتیاطوں پر سختی سے کاربند رہے۔وجہ اس کی یہ ہے کہ سورۃ ملک با موکل عمل ہے اور بے احتیاطی سے اپنے لئے نقصان اٹھانے کا موجب ہوگا۔

عمل شروع کرنے سے پہلے خصوصی غسل کرے اور احرام کی شکل میں دو چادریں باندھے اور ان پر اچھا سا عطر لگائے۔پھر چلے کی جگہ پر عود و عنبر جلائے یعنی اگربتی روشن کرے اور پھر مصلے پر بیٹھ کر نہایت یکسوئی اور توجہ سے سورۃ ملک کا ورد شروع کرے۔طریقہ اس کا یہ ہوگا کہ پہلے دن ایک بار سورۃ ملک با موکل پڑھے جو یہ ہے۔سب سے پہلے درود ۱۵ بار پھر یَا اِسرَافِیلُ بِحَقِ شَمُو طَیتنَا بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔تَبٰرَکَ الَّذِی شروع سے آخر تک پڑھتا جائے۔دوسرے دن دو بار پڑھے۔تیسرے دن تین بار، یہاں تک کہ گیارہویں دن گیارہ بار تک پہنچ جائے۔اس کے بعد بارہویں دن سے ایک

ایک تعداد کم کرتا جائے۔مثلاً بارہویں روز دس بار، تیرہویں روز نو بار علی ھذا القیاس ۲۸ روز ایک کی تعداد میں پڑھ کر اپنا چلہ پورا کرے۔ہر بار سورۃ ملک کے آخر پر درود شریف ۱۵ بار لازماً پڑھے۔اس طرز پر تین چلے پورے کرے۔بوقت عمل احرام باندھے اور بعد از عمل احرام اتار کر سنبھال لے اور دوسرے پاک صاف کپڑے پہن کر اپنے امور دنیا انجام دے اور کوشش کرے کہ ہر وقت پاک صاف رہے۔تین چلوں کے اختتام پر سورۃ ملک کو اسی طریقے سے ایک بار روزانہ پڑھا کرے تاکہ شرائط موافق زکوٰۃ کے ادا ہوتی رہیں اور عمل میں کوئی خلل پیدا نہ ہو۔اس عمل سے اس کو اس کے خرچ کے مطابق فتوحات باطنی و ظاہری ملتی رہیں گی اور کبھی کوئی کمی واقع نہ ہوگی۔

تسخیر مؤکل ہفت کواکب

جو عامل مؤکل ہفت کواکب کو فرمانبردار بنانے کا خواہش مند ہو تو وہ ذیل کا عمل اختیار کرے۔

منگل کی رات سے عمل شروع کرے۔اول و آخر درود شریف تسخیر ۱۹۔۱۹ بار پڑھے اور درمیان میں ۱۰ بار سورۃ ملک با تصور مؤکل ہفت کواکب پڑھے۔۲۵ روز کے عمل میں مؤکل ہفت کواکب حاضر ہوں گے اور تابعداری کریں گے۔

تسخیر مؤکل شمس و قمر

اگر کوئی عامل آفتاب و ماہتاب کے مؤکل قابو میں کرنا چاہتا ہو تو ذیل کا

عمل اختیار کرنے سے موکل آفتاب و ماہتاب مسخر ہو جائیں گے۔

اس کے لئے بدھ کی رات کو سورۃ ملک ۱۰ بار ایک ہی نشست میں تخلیہ میں بیٹھ کر کرے اور کسی سے گفتگو بالکل نہ کرے۔ اس عمل کو ۲۵ روز بلا ناغہ کرنے سے اپنے مقصد میں بفضل تعالیٰ کامیاب و کامران ہوگا۔

زیارت رسول اکرم ﷺ کے لئے

جس شخص کی یہ خواہش ہو کہ وہ زیارت رسول اللہ ﷺ سے خواب میں مشرف ہو تو اس کے لئے لازم ہے کہ وہ تمام جملہ مکروہات شرعیہ سے تائب ہو اور کل حلال اختیار کرے، پھر رات جمعہ کو بعد از نماز عشاء بارہ رکعت نماز نفل بہ نیت زیارت رسول اللہ ﷺ بعد از غسل و تازہ وضو پاک صاف لباس میں ادا کرے اور ہر رکعت میں بعد از سورۃ فاتحہ کے ۲ بار سورہ ملک پڑھے۔ نماز سے فارغ ہو کر پاک صاف بستر پر قبلہ رخ بیٹھ کر درود شریف ۱۶ بار پڑھ کر سو جائے۔ رخ چہرہ قبلہ رخ رکھے اور کسی سے بات چیت اس دوران نہ کرے۔ انشاء اللہ چند یوم کے اس عمل سے زیارت رسول اللہ ﷺ سے خواب میں مشرف ہوگا اور اپنی مراد کو پہنچے گا۔

زیارت رسول اکرم ﷺ کے لئے

جو شخص زیارت رسول اللہ ﷺ کا شدید آرزومند ہو تو اس کے یہ عمل مفید اور پراز تاثیر ہے۔

ہر روز بعد از نماز مغرب دو رکعت نماز نفل بہ نیت زیارت رسول اللہ پڑھے

پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ ملک ۱۱ بار اور دوسری رکعت میں سورۃ ملک ۱۰ بار پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد اس کا ثواب حضور رسول کریم ﷺ کی روح مبارک کو بطور ہدیہ پیش کرے، رات کو بستر پر سوتے وقت پاک صاف لباس کے ساتھ پاک صاف بستر پر خوشبو لگا کر سوئے۔ انشاء اللہ چند یوم کے عمل سے مطلوبہ مقصد حاصل ہوگا اور وہ زیارت رسول اللہ ﷺ سے مشرف ہوگا۔

تسخیر ارواح اولیاء

جس کسی کو اس بات کی خواہش ہو کہ وہ ارواح اولیاء اللہ سے شرف ملاقات حاصل کرے اور ان سے روحانی طور پر فیض یاب ہو۔ تو ذیل کا عمل اختیار کرنے سے اس کی خواہش بفضل تعالیٰ پوری ہوگی۔

جس بزرگ سے روحانی فیض کے حصول اور شرف ملاقات چاہتا ہو تو اس کے لئے چالیس روز تک نصف رات کو اٹھ کر غسل کرے اور پاک صاف لباس کے ساتھ دو رکعت نماز نفل ادا کر کے اس کا ثواب ہدیتاً حضور رسول کریم ﷺ اور اس بزرگ کی روح پر فتوح کو پیش کرے۔ پھر اول و آخر درود ابراہیمی ۴۰ بار اور درمیان میں سورۃ ملک کی تلاوت ۴۰ بار اس بزرگ کا تصور کامل کر کے کرے۔ انشاء اللہ ایک یعنی ۴۰ روز بعد اس بزرگ کی روح سے فیضیاب ہوگا اور روحانی رہنمائی حاصل کرے گا۔

تسخیر جنات

جو عامل یہ چاہے کہ بادشاہ جنات حاضر ہو کر اس کی تابعداری کرے اور

خزینہ غیب کے متعلق معلومات فراہم کرے تو ذیل کا عمل کرنے سے اپنے مقصد میں کامیاب ہو سکتا ہے۔

اس کے لئے کسی تنہا محفوظ جگہ کا انتخاب کر کے ایک وقت مقررہ پر روزانہ ۴۰ روز تک چالیس مرتبہ سورۃ ملک بمعہ اول و آخر درود ۱۳۔۱۳ بار پڑھے اور پڑھتے وقت نیت حاضری بادشاہ جنات کا تصور کامل رکھے۔ انشاء اللہ ۴۰ روز بعد از عمل بادشاہ جنات معہ اپنے لشکر کے حاضر ہوگا اور فرمانبرداری قبول کرے گا اور جو بات بھی اس سے معلوم کرنا چاہے گا، وہ بتلا دیا کرے گا۔

جنات کو مسخر

جو عامل جنات کو مسخر کرنا چاہتا ہو، تو اس کے لئے ترک حیوانات جلالی و جمالی ہر قسم کرے اور کسی تنہائی والی جگہ پر چالیس یوم تک ذیل کا عمل پاک، صاف باوضو حالت میں کرے اور عمل کرتے وقت جن یا جنات کا تصور ذہن میں رکھے جن کو مسخر کرنا ہے۔ اس کے بعد سورۃ ملک روزانہ ۸ مرتبہ اول و آخر درود شریف ۱۷۔۱۷ بار پڑھے۔ عمل کو انتہائی توجہ کے ساتھ کرے اور اس عمل کے دوران اپنے گرد حصار بھی باندھے۔ چالیس یوم کے عمل سے مطلوبہ جن یا جنات حاضر ہوں گے۔ ان کو حضرت سلیمان علیہ السلام کی قسم دے کر اپنی فرمانبرداری کے لئے کہے اور ان کے قسم کھانے پر ان سے ان کو بلوانے کا طریقہ بھی معلوم کرلے اور اسی طرح آئندہ ان کو بلا کر ان سے مختلف کام لے سکتا ہے۔ احتیاط لازم ہے، بہتر ہے کہ کسی عامل کامل کی زیر نگرانی یہ عمل کیا جائے۔

جنات تابع کرنا

جس عامل کی یہ خواہش ہو کہ جنات دیو پری وغیرہ اس کے تابع فرمان ہو جائیں اور وہ ان سے جائز دنیوی کام لے سکے تو اس کے لئے ذیل کا عمل نہایت پر تاثیر ہے مگر اس کے لئے لازمی ہے کہ کسی صاحب تصوف کی زیر نگرانی اس عمل کو کرے۔

طریقہ یہ ہے کہ کسی تنہا مکان میں جہاں دوسرا کوئی آدمی نہ ہو دروازہ بند کر کے جگہ کو صاف کر کے بیٹھے عود و بخور صندل روشن کرے پھر اپنے گرد حصار باندھے اس کے بعد عمل شروع کرے اول و آخر درود تنجیر ۱۷۔۱۷ بار پڑھ کر درمیان میں اپنے مطلب کا تصور رکھ کر سورۃ ملک شریف ۸ بار پڑھے چالیس یوم تک بلا ناغہ اس عمل کو وقت مقررہ پر کرے۔ انشاء اللہ اس کا مطلب بفضل باری تعالیٰ پورا ہو جائے گا اور جنات دیو، پری، جن کا بھی تصور ہوگا وہ حاضر ہو کر تابع فرمان ہونگے ان سے ناجائز کام نہ لے دوسرے اس بات کا تذکرہ کسی سے بھی نہ کرے ورنہ راز افشاء ہونے پر وہ باغی ہو جائیں گے اور کہنا نہیں مانیں گے اور تنگ علیحدہ کریں گے بعد از چلہ ۸۔۸ بار روزانہ سورۃ ملک کا ورد اسی مقررہ وقت پر بلا ناغہ جاری رکھے تا کہ عمل کی برکات قائم رہیں۔

تسخیر پریاں

جو عامل یہ چاہے کہ پریوں کو حاضر کرے اور ان سے کام لے تو اس کے

لئے ذیل کا عمل کرنا چاہئے۔

طریقہ اس کا یہ ہے کہ جمعرات کے روز غسل کر کے پاک صاف لباس پہنے اور خوشبو لگا کر کسی باغ کے کسی گوشے میں جا کر بیٹھ جائے اور اپنے گرد حصار قائم کرے پھر ۹ بار سورہ ملک اور ۱۰ بار سورہ جن بمعہ اول و آخر درود ۱۴ بار پڑھے۔ انشاء اللہ پریوں کا بادشاہ بمعہ اپنے لاؤ لشکر کے حاضر ہوگا اس وقت اس سے جو عہد و پیمان چاہے لے لے اور جس کام کے متعلق بھی دریافت کرنا چاہے دریافت کر لے وہ بات کا جواب دے گا اور تابعداری کا وعدہ کرے گا اور جو مطلب اس ہوگا اس کو پورا کرے گا اگر کسی دشمن یا کسی دوست یا عزیز کو بلانا مقصود ہوگا تو اسے کہے کہ فلاں بن فلاں کو حاضر کرو وہ اسی وقت بفرمان اس کو حاضر کرے گا اور آئندہ بھی جائز کام کے لئے حاضر ہو جایا کرے گا۔

پری مسخر کرنا

جو عامل یہ چاہے کہ پریاں فوری حاضر ہو کر اس کے حکم کو بجا لائیں تو اس کے لئے ذیل کا عمل اختیار کرے۔

ماش ثابت لے کر ان پر باوضو حالت میں ۲۷ بار سورۃ ملک بمعہ درود شریف اول و آخر ۱۷۔ ۱۷ بار پڑھ کر دم کرے اور پھر ماش ثابت کو چاروں اطراف میں یہ کہہ کر پھینک دے پریاں حاضر شود، پریاں حاضر ہو کر تابعداری کرینگی۔ واللہ اعلم۔

روحانی ترقی

جو کوئی اس بات کا آرزومند ہو کہ اسے روحانی قوت حاصل ہو جائے تو سب سے پہلے اس کو اکل حلال اختیار کرنا چاہیے اور حرام سے توبہ کرنا چاہیے، پھر کچھ دن پاک صاف ہو کر روزے رکھنے چاہئیں تا کہ اس کے اندر استعداد قوت روحانی پیدا ہو سکے پھر ذیل کا عمل اختیار کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اسے لازوال روحانی قوت حاصل ہوگی اور اس پر کشف کے اسرار کھل جائیں گے۔

اس عمل کے لئے صاف ستھری جگہ پر بستر پاک و صاف لگائے، خوشبو سے معطر کرے اور نیا غسل کرے اور باوضو حالت میں بعد نماز عشاء اپنے بستر پر چت لیٹ کر اپنی زبان کو تالو سے چپکا لے اور زبان کو حرکت دیئے بغیر اپنے قلب سے سورہ ملک ۱۰ بار پڑھے اور اسی حالت میں سو جائے۔ اس عمل کے دوران کسی سے بھی کوئی بات چیت نہ کرے اور اس عمل کو برابر جاری رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل کے دوران ہی اس پر اسرار الٰہی کا ظہور شروع ہو جائے گا اور ایسے ایسے انکشافات اس پر ہوں گے کہ بیان سے باہر ہیں۔ یاد رہے کہ اس عمل کے دوران اکثر نیند کا غلبہ ہو جاتا ہے لیکن اس سے گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اگر نیند آ جائے تو فکر مند نہیں ہونا چاہئے، خواہ سورۃ ملک ۱۰ بار پڑھی گئی ہے یا نہیں، بہر حال عمل پورا ہو جاتا ہے۔

روحانی عروج

یہ عمل بھی اس معاملے میں بے حد نافع اور مفید ہے جو شخص اس عمل کی زکوۃ ایک بار ادا کر کے ہمیشہ اس کا ورد رکھے گا، اس کو وہ لطف حاصل ہوگا کہ بیان سے باہر ہے اور اس کو اس کا خود پتہ چل جائے گا۔

عمل مذکور کے لئے بدھ یا جمعرات عروج ماہ کا روزہ رکھے۔ بعد افطار روزہ کے غسل کرے اور پاک صاف سفید لباس پہن کر خوشبو لگاوے پھر عشاء کی نماز کے بعد مسجد یا حجرہ میں معتکف ہو کر بیٹھ جائے اور اس عمل کو ایک یا دس یا چالیس روز میں پورا کرے۔

اثنائے تلاوت میں پورے طور پر ترک جمالی وجلالی رکھے۔ بجز دال مونگ و نان گندم کے کچھ نہ کھائے۔ چمڑے کے ڈول کا پانی اپنے استعمال میں لائے اور جوں وغیرہ بھی نہ مارے۔ جب عمل پورا ہو، تو دوگانہ نفل ادا کر کے مصلے سے اٹھے اور ایک یا تین مساکین کو کم از کم تین بار کھانا بھی کھلائے اور خود بھی ان کے ہمراہ کھائے۔ بس اس سورۃ کا عامل بن جائے گا۔ بعد میں اس کا ورد ہمیشہ بعد از نماز عشاء یا بعد از فجر اکتالیس بار یا اکیس بار یا کم از کم سات بار جاری رکھے۔ کبھی ناغہ نہ کرے۔ اگر کسی وجہ سے ناغہ ہو جائے تو قضا کر کے پڑھ لے۔ غرض اس کو ترک کسی بھی صورت نہ کرے۔ طریقہ عمل یہ ہے۔

بہ نیت اعتکاف وادائے نصاب حجرہ یا مسجد میں داخل ہو۔ اول دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ۸ بار سورۃ ملک پڑھے۔

بعد سلام پھیرنے کے دوزانوں ہو کر اور لوبان جلا کر ۱۹ بار درود شریف پڑھے بس زکوۃ ادا ہو گئی۔ بعد میں اس طریقے کو ہمیشہ ورد میں رکھے۔

روحانی ترقی

چاند کی پہلی تاریخ جس ماہ اسلامی میں جمعرات ہو تو اس دن دودھ چاول سے روزہ افطار کرے اور دوسری کوئی بھی شے نہ کھائے۔ بعد نماز عشاء وتروں سے قبل غسل کر کے دو رکعت نماز تحیۃ الوضو پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ الم نشرح ۹ بار پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص ۷ بار پڑھے۔ بعد سلام پھیرنے کے ان دو رکعت کا ثواب حضور رسول کریم ﷺ اور حضرت پیران پیر کی روح پاک کو پہنچا کر چار زانوں بیٹھے، پہلو نہ بدلے۔ ایک ہی بیٹھک سے ۲۵ بار سورۃ ملک پڑھے۔ اول وآخر درود ۱۲۔۱۲ بار پڑھے۔ جب نماز سے فارغ ہو۔ اسی جگہ رو قبلہ رو ہو کر سر منجانب قطب کر کے سو رہے اور صبح کو سورہ شریف بعد نماز صبح ۷ بار اور بعد نماز ظہر وعصر ومغرب ۷۷ بار اور بعد نماز عشاء ۷ بار پڑھے اور جب مہینے کی پہلی تاریخ آئے تو رات کو اسی طرح عمل مذکور کر کے پھر صبح سے بدستور سورۃ شریف کا ورد اسی طریق سے جاری رکھے۔ ایک سال تک یہ عمل جاری رکھے۔ انشاء اللہ بے انتہا فتوحات حاصل ہوں گی۔

روحانی فتوحات

دین و دنیا کی فتوحات کے حصول کے لئے ذیل کا عمل انتہائی مجرب ہے۔

سب سے پہلے ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے اور تین چلے تک سورۃ ملک کو اس طریقے سے پڑھے کہ بعد نماز عشاء تازہ وضو کر کے چار رکعت نماز نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ لیل ۱۹ بار۔ دوسری میں سورۃ الم نشرح ۵ بار تیسری رکعت میں سورۃ اخلاص ۱۲ بار اور چوتھی رکعت میں سورۃ الناس ۳ بار پڑھے۔ بعد سلام پھیرنے کے پانی میں جا کر اس طرح کھڑا ہو کہ کمر پانی میں ڈوب جائے۔ جسم سے پاجامہ یا تہمد علیحدہ کر کے کسی ایسی جگہ رکھ دے یا کنارے پھینک دے تا کہ بعد از عمل کے دوبارہ پہن سکے۔ پھر اول درود ۱۶ بار پڑھے۔ پھر سورۃ ملک ۲۰ بار اور بعد درود ۱۶ بار پڑھے۔ اسی طرح ایک چلہ مکمل کرے اور اس کے بعد دوسرا چلہ شروع کرے۔ دوسرے چلہ میں سورہ ملک کا ورد ۲۰ بار اور تیسرے چلہ میں ۱۱ بار پڑھنا ہے۔ جب یہ تینوں چلے ختم ہو جائیں تو بعد میں روزانہ بعد نماز عشاء اول و آخر درود ۱۶۔۱۶ بار اور گیارہ بار سورۃ ملک پڑھتا رہے تا کہ عمل کی برکت قائم رہے۔

انشاء اللہ العزیز اس عمل سے بے حد فوائد دین و دنیا اور فتوحات کثرت حاصل ہوں گی۔

فتوحات دین دنیا

دین و دنیا کے حصول کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے نئے چاند میں جمعرات یا جمعہ کو ایک بجے اٹھ کر وضو کرے دو رکعت نماز تحیۃ الوضو پڑھ کر اس کا ثواب روح مقبول رسول اللہ ﷺ کو ہدیہ کر کے ۱۵ بار کھیعص کفایتنا پڑھ کر ۱۵ بار سورۃ ملک پڑھے۔ اس کے بعد

۱۵ بار حمعسق حمایتنا پڑھ کر ذیل کا نقش ذہن پر لکھے اور مٹا کر دوسرا لکھے۔ اسی طرح ۱۵ نقش بنا کر لکھے اور مٹائے۔ یہ عمل ۱۵ روز تک کرے۔ بائیسویں روز یہ نقش اکیس عدد کاغذ پر لکھ کر ان میں بیس نقش کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دے اور ایک اپنے پاس رکھے۔ جب تک یہ نقش پاس رہے گا۔ غیب سے فتوحات دین و دنیا حاصل ہوتی رہیں گی۔ نقش یہ ہے۔

۲۶	۲۷	۲۲
۲۱	۲۵	۲۹
۲۸	۲۳	۲۴

نقش کی رفتار یہ ہے

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

مندرجہ بالا نقش آبی چال سے پر کیا گیا ہے اس نقش کو اس وقت لکھیں جب طالع جوزا ہو ساعت مریخ کی ہو دن منگل کا ہو بخور میں قسط جلائیں تعویذ لکھنے کے لئے سرخ رنگ کا کاغذ استعمال کریں۔

برکت کے لئے

ہر قسم کے فلاح دارین اور خیر و برکت کے لئے یہ عمل بہت ہی مفید ہے۔ اس

کے لئے نئے چاند میں چھ دن متواتر ہر قسم کے ترک حیوانات کرے اور روزہ کھجور سے ہی رکھے اور اسی سے ہی افطار کرے۔ پھر روزانہ پانی میں کھڑا ہو کر یا بیٹھ کر یا اگر پانی کا سامان نہ ہو، تو بغیر پانی کے کھڑا ہو کر اور اگر کھڑا ہونے سے بھی معذور ہے تو بیٹھ کر ایک دن یا چند روز میں سورۃ ملک کو ۱۰ بار تلاوت اس طرح کرے کہ شروع میں اور آخر میں درود ۱۹ بار پڑھے۔ اثنائے تلاوت میں کسی سے کوئی بات نہ کرے، جتنے دن میں عمل کو پورا کرے، اتنے دن کے لئے ہر قسم کے ترک حیوانات رکھے اور روزہ سے رہے اور پھر جب مذکورہ تعداد پوری ہو جائے تو اس کے بعد ایک تعداد روزانہ پڑھنے کے لئے مقرر کرلے تاکہ اس کی مداومت روزانہ ہو سکے۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز چند یوم میں ہی عجیب تاثیرات کا مظاہرہ کرے گا۔

حصول علم غیب

جو کوئی علم غیب کو حاصل کرنے کی آرزو رکھتا ہو تو ذیل کے عمل سے اس کو علم غیب بقدر اس کی طبع کے اللہ تعالیٰ عنایت فرما دیں گے۔

اس کے لئے گڑ لے کر اس پر ۶ بار سورۃ ملک بمعہ اول و آخر درود ۱۵ بار پڑھ کر کھالے۔ دوران تلاوت کسی سے کسی قسم کی گفتگو یا کلام بالکل نہ کرے اور ایک ہی نشست میں عمل کو پورا کرے۔

تسخیر خلائق

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں مقبول ہو جائے اور لوگ اس سے محبت

سے پیش آئیں اور اس کے جائز کاموں میں باعث رکاوٹ بنے بغیر بلا حیل و حجت اس کا کام کر دیا کریں تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے بعد از نماز فجر سورۃ ملک کا ۶ مرتبہ ورد کر کے اپنے اوپر دم کرنے کا معمول لازم کرلے۔ روزانہ کے اس عمل سے لوگوں میں عزت و مرتبہ پائے گا اور اس کا ہر کام بلا کسی حیل و حجت کے تمام ہو جایا کرے گا۔

عزت و مرتبہ

جس کسی کو یہ آرزو ہو کہ وہ چشم خلائق میں بے حد مقبول ہو جائے ہر ایک اس کے ساتھ پیار و محبت و الفت سے پیش آئے اور اللہ تعالیٰ اسے اپنے حفظ و امان میں رکھے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

باوضو حالت میں قبلہ رخ ہو کر سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے سورہ ملک بمعہ بسم اللہ کے لکھے اور خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے اپنے بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چشم خلائق میں بے حد مقبول ہو جائے گا اور دنیا کی کوئی شے اسے نقصان نہ پہنچا سکے گی۔

مخلوق کی محبت

جو شخص اس بات کا خواہش مند ہو کہ ہر معاملے میں اس کو فتح و نصرت الٰہی حاصل رہے تو اس کے لئے لازم ہے کہ وہ بعد از نماز فجر سورۃ ملک باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران و گلاب سے لکھ کر خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے اپنے پاس

رکھے۔ اس سے اسے پناہ ملے گی اور مخلوق اللہ اس کو محبت کی نظر سے دیکھے گی۔

تسخیر حاکم

جس کو کسی بھی حاکم یا آفیسر سے کوئی بھی کام ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔ باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سب سے پہلے ۱۹ بار درود پھر سورۃ ملک آیت ۱ سے ۱۴، ۱۴ بار اور پھر آیت ۱۵ سے ۳۰، ۹ بار پڑھے۔ بعد درود ۱۹ بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور حاکم یا آفیسر کے پاس جانے سے پہلے اس میں سے تھوڑا سا پانی لے کر اپنے منہ اور سر پر لگائیں اور بقیہ پانی بسم اللہ پڑھ کر پی لیں اور پھر اس کے پاس جائیں۔ بفضل تعالیٰ وہ حاکم یا آفیسر کمال مہربانی سے پیش آئے گا اور جو بھی کام اس سے ہوگا، وہ بخوبی انجام پائے گا۔

محبوب کی محبت

جس کو کسی کی محبت حاصل کرنا درکار ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل کرنے سے مقصد حل ہو جائے گا۔ کسی پھول یا عطر کی شیشی پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ۴ مرتبہ سورۃ ملک بمعہ اول و آخر درود شریف ۴۔۴ بار پڑھ کر دم کرے اور پھر اس پھول یا عطر کو مطلوب کو سونگھائے۔ بفضلہ وہ فریفتہ ہو جائے گا۔

تسخیر محبت کے لئے

اگر کسی کے دل میں اپنی حب جاگزیں کرنا مقصود ہو تو اس کے لئے نئے

چاند کے بدھ یا جمعرات یا جمعہ سے یہ عمل شروع کرے۔ اس کے لئے ایک وقت معین کر لے اور کسی محفوظ جگہ میں اطمینان قلب اور مکمل طہارت کے ساتھ عمل شروع کرے۔ سب سے پہلے دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ ملک ۴ بار پڑھے اور دوسری رکعت میں ۴ بار پڑھ کر سلام پھیرے اور اس کے بعد اپنے مقصد کے لئے باری تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ دوران عمل اپنے مطلوب کی شکل کو ذہن میں رکھے، انشاء اللہ تعالیٰ چند یوم میں مطلوب کے دل میں انمٹ محبت پیدا ہو جائے گی اور وہ اس کے بغیر رہ نہ سکے گا۔

تسخیر کے لئے

اگر کسی کے دل میں اپنائیت پیدا کرنی ہو یا اولاد کہنا نہ مانتی ہو اور ان کے دل میں اپنی اطاعت و محبت پیدا کرنی ہو تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے سات اشیاء چینی، شہد، کھجور، کشمش، بادام، ناریل اور دودھ ایک جیسے وزن میں لیں اور ان پر باری باری 4-4 بار سورہ ملک پڑھیں اور دم کریں۔ اس کے بعد ان کو آپس میں یکجا کر دیں اور پھر ان کا پکوان پکوائیں اور اپنے مطلوب کو کسی نہ کسی طریقے سے کھلائیں۔ اس عمل کی بدولت اس کے دل میں طالب کی بے حد محبت و الفت پیدا ہو جائے گی اور وہ نفرت سے توبہ کر کے تابعداری کرے گا۔

دو بہنوں، دو بھائیوں یا بہن بھائیوں کے درمیان نفرت ختم کرنے کے لئے بھی یہی عمل کارگر اور مفید ہے۔

سچی محبت

جس کسی کو کسی سے سچی محبت ہو لیکن اس کا مطلوب اس سے الفت و پیار نہ کرتا ہو اور نہ ہی اس سے التفاقات برتتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سورۃ ملک کا ورد کرے سورۃ ملک تین بار پڑھ کر اول وآخر درود شریف ۱۳۔۱۳ مرتبہ اور درمیان میں یہ دعا گیارہ مرتبہ پڑھے اور اس دوران اپنا مقصد پیش نظر رکھے۔ دعا پڑھنے کے بعد سجدے میں جا کر گڑگڑا کر اللہ کے حضور اپنے مقصد اور سچی لگن کے لئے دعا مانگے، انشاء اللہ اس کی دعا ضرور قبول ہوگی اور اس کا مقصد حل ہو جائے گا۔ یہ عمل ۱۲ روز مسلسل بلاناغہ کرنا ہے۔ دعا یہ ہے۔

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَهٗ اِلٰی لِعَیْنِی فلاں بن فلاں مِنْ رَحْمَتِکَ وَفَضْلِکَ۔

(فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب کا نام پھر اس کی والدہ کا نام لے)

مطلوب کی حاضری

اگر کوئی یہ چاہے کہ وہ اپنے مطلوب کو فوری حاضر کرے اور وہ اس کا حکم بجالائے تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لئے ضروری ہے کہ سب سے پہلے سورۃ ملک کی زکوٰۃ کسی طریقہ

سے ادا کرے۔ اس کے بعد ضرورت کے وقت ایک ایسی جگہ کا انتخاب کرے کہ جہاں تلاوت کرنے کی آواز نہ آئے۔ اس کے لئے تین پتلی لکڑیاں لے جن میں سے ایک لکڑی انجیر کی اور دوسری شیریں انار کی اور تیسری شیریں شہتوت کی ایک سائز کی ہوں اور پھر ان کو باہم باندھ کر ایک تپائی کی شکل دے۔ تپائی کی شکل میں اس کو تیار کر کے اس کے اوپر کوری مٹی کا ایک چراغ لا کر رکھیں اور اس میں سرسوں کا تیل ڈال دیں اور پھر مطلوب کے پہنے کپڑے کی بتی بنا کر اس میں ڈال کر روشن کرے اور چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف کرے، پھر ایک سوئی اور اکتالیس کالی مرچ لے کر چراغ کے روبرو بیٹھ جائے اور ایک مرچ سوئی سے چھید کر اس پر مطلوب کا تصور کر کے ایک بار سورۃ ملک پڑھ کر دم کرے۔ اس طرح تمام مرچوں پر عمل کر کے اس چراغ کی لو میں جلائے۔ تین روز تک یہ عمل کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تین دن کے اندر اندر مطلوب حاضر ہوگا اور ہر حکم بجالائے گا۔

زوجین میں محبت

جن مرد اور عورت کے درمیان ہر وقت گھر میں کلکل رہتی ہو، اور وہ ایک دوسرے سے نفرت کرتے ہوں، بات بات پر جھگڑتے ہوں تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل کریں۔

پہلے سورۃ ملک کی زکوٰۃ ادا کریں۔ اس کے بعد تھوڑی سی شیرینی لے کر اس پر سورۃ ملک ۳ بار معہ حب خاوند اور اس کی ماں کا نام علی الحب بیوی اور اس کی ماں کا نام پڑھ کر دم کریں اور ان کو علیحدہ علیحدہ کسی طریق سے کھلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ

ان کے درمیان بے پناہ محبت پیدا ہو جائے گی۔ نفرت بالکل ختم ہو جائے گی اور روز روز کا جھگڑا بالکل ختم ہو جائے گا اور آسائش اور اطمینان قلب حال ہوگا۔

بے مثال محبت

اگر کسی گھر میں میاں بیوی کے درمیان شدید ناچاقی ہو جائے اور ان کے درمیان بلاوجہ ہر وقت بات بات پر جھگڑا ہوتا رہے تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لئے صبح صادق کے وقت باوضو حالت میں صندل کی اصلی لکڑی کے ٹکڑے پر ۴۰ مرتبہ سورۃ ملک پڑھے اور دم کرتے وقت یہ کہے الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں (اس جگہ میاں بیوی اور ان کی ماؤں کا نام لے) پڑھے اس دم کی ہوئی لکڑی کو کسی ایسی دیوار پر اونچی جگہ ٹھونک دیں کہ اس پر سورج کی روشنی خوب اچھی طرح پہنچے انشاء اللہ اس عمل کی بدولت ان کے درمیان بے مثال محبت پیدا ہو جائے گی اور وہ ایک دوسرے کے بغیر رہ نہ سکیں گے اور گھر میں سکون و چین کی فضاء پیدا ہو جائے گی۔

الفت و محبت کے لئے

جس گھر میں میاں بیوی کے درمیان ناچاقی رہتی ہو، بات بات پر جھگڑا اور دنگا فساد ہوتا ہو، گھر کا سکون و چین غارت ہوتا ہو اور پیار و الفت کی کوئی راہ سجھائی نہ دیتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

جمعہ کے روز بعد از نماز جمعہ کسی میوہ یا شیرینی پر سورۃ ملک 4 بار بمعہ اول و آخر درود 13-13 بار پڑھ کر دم کریں اور میاں بیوی کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ عمل کی بدولت ان کے درمیان محبت و الفت پیدا ہو جائے گی۔ دنگا فساد ختم ہو جائے گا اور گھر میں امن، چین، سکون پیدا ہو جائے گا۔

فرمانبرداری

جس عورت کا شوہر انتہائی کرخت ہو، بات بات پر لڑتا جھگڑتا ہو اور ہر معاملے میں مداخلت کرتا ہو اور اس وجہ سے گھر کی فضاء خراب رہتی ہو اور بچوں پر برا اثر پڑتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لئے بعد از نماز فجر اول و آخر درود شریف ۱۳-۱۳ مرتبہ سورۃ فاتحہ شریف ۸ بار، سورۃ ملک ۴ بار پڑھ کر کسی کھانے والی چیز پر دم کریں اور وہ اس کو کھلا دیں۔ دوران ورد اپنے مقصد کا خیال رکھیں اور بعد از ورد سجدے میں گر کر دعا خاص طور پر اللہ حضور کریں۔ انشاء اللہ تین دن کے عمل سے کرخت شوہر مہربان اور نرم ہو جائے گا۔

نافرمان بیوی کے لئے

اگر کسی کی بیوی نافرمان ہو اور کہنے سے باہر ہو، سمجھانے بجھانے سے بھی اپنی نافرمانی سے باز نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے بروز جمعہ بعد از نماز جمعہ اول و آخر درود ۱۰-۱۰ مرتبہ۔ سورۃ

جمعہ ۳ مرتبہ اور سورۃ ملک ۵ بار پڑھ کر پانی یا دودھ یا مٹھائی کو دم کریں اور اس کو بیوی کو کھلا دیں یا پلا دیں۔ انشاء اللہ ۱۱ یوم تک بلا ناغہ عمل کرنے سے بیوی مکمل تابع فرمان ہو جائے گی اور پھر کبھی بھی نافرمانی بفضل باری تعالیٰ نہیں کرے گی۔

نافرمان اولاد کے لئے

جس کسی کی اولاد نافرمان ہو اور کہنا نہ مانتی ہو اور آپس میں لڑتی جھگڑتی ہو اور اس کی وجہ سے والدین ہر وقت پریشان حال رہتے ہوں اور ان کی اولاد پر ان کی کوئی نصیحت یا بات اثر نہ کرتی ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اول و آخر درود قرآنی ۱۹۔۱۹ مرتبہ اور درمیان میں سورۃ ملک ۱۰ مرتبہ پڑھ کر ان بچوں کا تصور کر کے دم کریں۔ بچوں کو اکٹھا کرنا لازمی نہیں ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ کے حضور ان کے لئے راہ ہدایت کی دعا مانگے۔ اگر ممکن ہو تو ساتھ ہی پانی دم کر کے ان کو کسی نہ کسی طریق سے پلا دیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۲۵ یوم کے عمل سے وہی نافرمانبردار اولاد ہمیشہ کے لئے تابع فرمان ہو جائے گی اور ان کے درمیان لڑائی جھگڑا بھی ختم ہو جائے گا اور والدین سدا سکھی رہیں گے۔

نافرمان اولاد

جو بچہ یا ملازم نافرمان ہو اور کہنا نہ مانتا ہو تو اس کے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس کے لئے رات کو بوقت تہجد اٹھ کر بعد از نماز تہجد اول و آخر درود ۱۳۔۱۳ مرتبہ سورۃ ملک ۴ مرتبہ اور ۴۳ مرتبہ یَا وَدُودُ یَا عَزِیزُ پڑھ پڑھ کر مٹھائی کو دم

کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ انشاء اللہ ۱۰ یوم کے عمل سے نافرمان مطیع و مسخر ہو جائے گا اور ہر بات بلا چوں و چراں مانے گا۔

والدین سے صلح

اگر کسی کے والدین اس سے کسی بات پر سخت ناراض ہو جائیں اور راضی نہ ہوتے ہوں تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے چالیس روز تک نماز تہجد کے وقت اٹھے اور باوضو ہو کر بارہ رکعت نماز نفل اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ۴ بار سورۃ ملک پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت اس کے والدین کی ناراضگی ہمیشہ کے لئے دور ہو جائے گی اور وہ پہلے سے بھی زیادہ محبت اور شفقت سے پیش آئیں گے۔

ساس بہو میں صلح

جس گھر میں ساس اور بہو میں سے کوئی ایک اپنی حدود سے تجاوز کرتا ہو اور ان میں ناچاقی رہتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لئے بعد از نماز جمعہ اول و آخر درود شریف ۱۳۔۱۳ مرتبہ، سورۃ جمعہ تین مرتبہ اور سورۃ ملک ۴ مرتبہ پڑھ کر پانی یا مٹھائی کو دم کر کے مطلوب کو پلائیں یا کھلائیں۔ انشاء اللہ مطلوب تابع ہو جائے گا۔

سوکنوں میں صلح

اگر کسی شخص کی دو بیویوں کے درمیان ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہے اور وہ ہر وقت باہم دست وگریباں رہ کر گھر کا سکون تباہ و برباد کرتی ہوں اور مرد اس وجہ سے ابتلا میں مبتلا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے چینی کی بڑی پلیٹ پر باوضو حالت میں زعفران وگلاب سے سورۃ ملک لکھے اور اس کو پانی سے دھو کر اس پانی سے مکئی کا آٹا گوندھے اور اس میں شکر ملائے اور پھر میٹھی روٹی پکا کر نصف نصف دونوں بیویوں کو کھلائے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت ان کے درمیان صلح وصفائی ہو جائے گی اور بے مثال الفت و یگانگت پیدا ہو جائے گی۔ ہر وقت کی ناچاقی کا خاتمہ ہو جائے گا اور گھر میں امن وسکون کا ماحول پیدا ہونے سے مرد ہر قسم کی پریشانی سے محفوظ ہو جائے گا۔

شادی کی رکاوٹ

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو، یا بار بار منگنی ہو کر ٹوٹ جاتی ہو، تو ایسے میں ذیل کا عمل نہایت نافع ہے۔

جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ دو رکعت نماز نفل بہ نیت شادی لڑکی کی پڑھے، پھر سجدے میں جا کر ۱۲ بار سورۃ ملک پڑھ کر دعا اللہ کے حضور کرے۔ چند جمعہ اس عمل سے انشاء اللہ لڑکی کی شادی حسب منشاء ہو جائے گی۔

مطلوبہ جگہ شادی

اگر کسی کی مطلوبہ جگہ شادی کے لئے اس کے والدین رضامند نہ ہوتے ہوں اور اس کی خواہش شدید ہو تو والدین کو راضی کرنے کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔ اس کے لئے نئے چاند کے پہلے جمعہ کی رات کو بوقت تہجد اٹھ کر دو رکعت نماز نفل تحیۃ الوضو پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد اول وآخر درود ۱۵۔۱۵ مرتبہ سورۃ ملک ۱۵ مرتبہ پڑھ کر والدین کی رضا کے لئے سجدے میں سر رکھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے انشاء اللہ 6 جمعہ کی رات اس عمل سے والدین راضی ہو جائیں گے۔

خواب میں معلومات

اگر کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اسے کسی بھی شہر کی تفصیل معلوم ہو جایا کرے جہاں وہ جا نہیں سکتا تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لئے وہ ہر روز باوضو حالت میں بستر پر بیٹھ کر اول وآخر درود ۱۹۔۱۹ بار اور سورۃ ملک ۱۹ بار پڑھ کر اس شہر کے تصور میں سویا کرے جس کا دیکھنا مقصود ہو انشاء اللہ چند یوم میں ہی اللہ تعالیٰ خواب میں اس شہر کی مکمل سیر کروا دیں گے اور اسے تفصیلات سے آگاہی ہو جائے گی۔

قبولیت دعا کے لئے

اگر کسی بھی شخص کی دعائیں مستجاب الدعوات نہ ہوتی ہوں تو اس کے لئے

ذیل کا عمل بے حد مفید ہے تا کہ اس کی ہر دعا قبولیت کا درجہ حاصل کر لے۔

رات کو تہجد کے وقت اٹھ کر تازہ غسل کرے اور بارہ رکعت نماز تہجد اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ۵ بار سورۃ ملک پڑھے اور نماز سے فارغ ہو کر ۶ بار استغفار اور ۹۵ بار تیسرا کلمہ شریف اور ۱۰ بار درود پڑھ کر اپنی دعا اللہ تعالیٰ کے حضور کرے اور اپنی کوتاہیوں اور غلطیوں کی معافی مانگے، انشاء اللہ العزیز گیارہ دن کے عمل سے صاحب مستجاب الدعوات ہو جائے گا اور اگر ہمیشہ یہ عمل جاری رکھے گا تو اس کی مانگی ہوئی کوئی دعا بھی بارگاہ الٰہی سے خالی نہیں لوٹے گی اور اس کے علاوہ اس کا ہر مسئلہ خود بخود حل ہو جایا کرے گا۔

محبت الٰہی کے لئے

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اسے محبت الٰہی حاصل ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد تاثیر کا حامل ہے۔ اس کے لئے ہر روز صبح صادق کے وقت باوضو حالت میں قبلہ رخ کھڑے ہو کر اول و آخر درود ۱۳-۱۳ بار اور ۴ بار سورۃ ملک پڑھا کرے اور اس کے بعد اللہ کے حضور التجا برائے محبت الٰہی کرے انشاء اللہ بشرط اخلاق و خلوص نیت کے محبت الٰہی چند یوم کے عمل سے ہی پیدا ہونی شروع ہو جائے گی اور عامل کے طور و اطوار بدلتے جائیں گے اور مکمل نیک اطوار ہو جائے گا۔

سستی دور ہو

جو شخص باوجود عزم و ارادہ کے نماز پڑھنے میں کاہل اور سست الوجود ہو اکثر

نماز کا وقت گزرنے کے بعد قضاء نماز پڑھتا ہو، اور اس بات کا خواہش مند ہو کہ وقت پر نماز ادا کرے اور کاہلی و سستی سے نجات مل جائے تو ذیل کا عمل نافع اور فائدہ مند ہے۔

ہر نماز کے بعد ۵ بار سورۃ ملک بمعہ اول آخر درود ۱۰-۱۰ بار پڑھ کر اللہ کے حضور دعا کرے۔ انشاء اللہ چند یوم کے عمل سے مقصد حاصل ہو جائے گا اور سستی اور کاہلی کا وجود میں نام و نشان بھی نہ رہے گا۔

گناہوں کی مغفرت

جو کوئی اس بات کا خواہش مند ہو کہ اس سے سرزد لاتعداد گناہوں کی بخشش اللہ تعالیٰ فرمائیں تو ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

جمعرات کے روز بعد از نماز فجر ۷ بار سورۃ ملک پڑھ کر اپنے گناہوں کی بخشش اللہ تعالیٰ کے حضور مانگے۔ انشاء اللہ العزیز ذات باری تعالیٰ اپنی رحمت سے اسے گناہوں سے مکمل پاک فرما دیں گے۔

بخشش کا ذریعہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تیس آیتوں یعنی سورۂ ملک نے ایک شخص کی سفارش کی یہاں تک کہ وہ بخشا گیا۔ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اس بات کو دوست رکھتا ہوں کہ سورۃ

ملک ہر مومن کے دل میں ہو۔

عذاب قبر سے نجات

حاکم نے نقل کیا ہے کہ عذاب کے فرشتے آدمی کے پاس اس کی قبر میں آتے ہیں تو اول اس کے پاؤں سے سوال کرتے ہیں تو پاؤں کہتے ہیں کہ تم کو مجھ سے تعرض کی راہ نہیں ہے کیونکہ یہ شخص نماز میں کھڑا ہو کر سورۂ ملک پڑھتا تھا۔ پھر فرشتے سینے سے سوال کرتے ہیں، پھر سر سے سوال کرتے ہیں ہر ایک عضو یہی کہتا ہے۔ بیشک یہ سورہ فرشتوں کو عذاب قبر سے روکتی ہے۔ اور یہ سورہ توریت میں اس فضیلت سے مذکور ہے کہ جو کوئی اس کو کسی رات میں پڑھے اس نے بہت نیکیاں اور بہت سے اچھے کام کیے۔ اور حدیث شریف میں یہ بھی آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سونے سے پہلے اس سورہ کو پڑھ لیا کرتے تھے (حصن حصین وتفسیر عزیزی)۔

گناہوں کی بخشش

اگر کوئی بہت گناہ گار ہو اور یہ چاہے کہ میرے گناہوں کی بخشش کے ساتھ ساتھ مجھے عذاب قبر سے بھی چھٹکارا حاصل ہو تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس کے لئے ہر نماز کے بعد ۷ مرتبہ سورۃ ملک اول و آخر درود شریف ذیل تین تین مرتبہ پڑھا کرے اور اللہ کے حضور اپنے گناہوں کی بخشش اور عذاب قبر سے نجات کی دعا مانگا کرے۔ انشاء اللہ اس عمل سے اس کے گناہ

خواہ احد کے پہاڑ ہی کی مانند کیوں نہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ معاف فرما دیں گے اور عذاب قبر سے نجات مل جائے گی، منکر نکیر کے سوالات میں بہت آسانی ہو جائے گی۔

حصول نماز تہجد کے لئے

جو شخص اس بات کا آرزومند ہو کہ بوقت تہجد خود بخود اٹھ جایا کرے تو سوتے وقت سورۃ ملک ۶ مرتبہ پڑھ کر سویا کرے۔ انشاء اللہ العزیز نماز تہجد کے وقت خود بخود نیند دور ہو جائے گی اور اٹھ جایا کرے گا۔

حفاظت سفر کے لئے

جس کسی کو ایسے سفر کی حاجت ہو جہاں راستہ پر خطر ہو یا کسی جنگل سے گزرنا ہو اور درندوں یا ڈاکوؤں کے حملے کا اندیشہ ہو تو ایسی صورت میں ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لئے سفر پر جانے سے قبل باوضو حالت میں دو رکعت نماز نفل بہ نیت حفاظت جان و مال ادا کرے اس کے بعد اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر اکیس مرتبہ سورۃ ملک پڑھے اور پھر اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر سجدہ میں سر رکھ کر دعا باری تعالیٰ سے مانگے اور اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ سفر کی تمام صعوبتوں سے مکمل طور پر محفوظ رہے گا جان و مال کی حفاظت رہے گی اور بخیر و خوبی اپنے گھر کو واپس آئے گا۔

حفاظت مال کے لئے

جوکوئی یہ چاہے کہ اس کا مال واسباب محفوظ رہے تو ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ۶ بار سورۃ ملک پڑھ کر اپنے مال واسباب کے چاروں اور دم کرے اور ۶ بار سورۃ ملک کا نقش سفید کاغذ پر لکھ کر مال واسباب میں رکھ دے اس کی برکت سے مال واسباب ہر قسم کی آفت وبلا، چوری چکاری سے محفوظ رہے گا۔

پھلدار درختوں کی حفاظت

جس کسی کے پھلدار درخت کسی وجہ سے سوکھ رہے ہوں یا ان کو کیڑا لگ گیا ہو اور اس سے پھل کے نقصان کا شدید سامنا ہو تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس کے لئے بعد از نماز فجر باوضو حالت میں قبلہ رخ ہو کر بیٹھ کر سفید کاغذ کے اتنے ٹکڑے لیں جس قدر کہ اس کے باغ میں درخت موجود ہیں اور ہر ٹکڑے پر سورۃ ملک کا نقش زعفران وگلاب لکھے اور ان پر سورۃ ملک ۲۰ مرتبہ پڑھ کر دم بھی کرے۔ پھر ان ٹکڑوں کو علیحدہ علیحدہ گتے پر چسپاں کرے اور ہر گتہ ایک ایک کر کے ہر درخت پر اونچی شاخ پر لٹکا دے۔ انشاءاللہ اس عمل کی بدولت اس کے باغ کے تمام درخت قدرتی آفات و بلیات، کیڑوں مکوڑوں اور سوکھے پن سے محفوظ و مامون رہیں گے اور ان پر پھل بھی بے تحاشا لگے گا۔

گمشدہ کی واپسی

اگر کوئی شخص گھر سے یا اپنے مقام سے عرصہ دراز تک لاپتہ ہو جائے اور اس کی خیر وخبر کہیں سے بھی نہ ملتی ہو تو ایسی حالت میں ذیل کے عمل سے اس کا اتہ پتہ اللہ تعالیٰ کسی نہ کسی طرح بہم پہنچائیں گے۔

اس کے لئے رات جمعہ غسل کر کے پاک صاف لباس پہن کر باوضو دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اس کا ہدیہ ثواب رسول اللہ ﷺ کو پہنچائے اور پھر اول و آخر ۱۹ بار درود اور اکتالیس بار سورۃ ملک پڑھ کر سو جائے۔ کسی سے کسی بھی قسم کی گفتگو یا کلام نہ کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کو خواب میں اس کے حال کی خبر زندہ یا مردہ ہونے کی اچھی طرح دکھلا دیں گے۔ اگر ایک رات میں معلوم نہ ہو تو سات رات تک اس عمل مذکور کو جاری رکھے۔

اغواشدہ کی بازیابی

اگر کوئی اغوا ہو گیا ہو اور اس کا اتہ پتہ نہ لگتا ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز بعد از نماز عشاء ۳۲ مرتبہ سورۃ فلک بمعہ اول و آخر درود شریف ۱۵۔۱۵ بار پڑھ کر اللہ کے حضور عاجزی وانکساری سے دعا کرے۔ بہت جلد اغوا شدہ کا اتہ پتہ معلوم ہو جائے گا اور اس کو اغوا کنندگان سے رہائی مل جائے گی۔

مفرور کی واپسی

اگر کوئی کسی کی شے لے کر مفرور ہو گیا ہو اور اس کا کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ وہ اس وقت کہاں ہے تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے چالیس دانے سیاہ مرچ کے لے کر ہر ایک مرچ پر سورة ملک باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ پڑھتے وقت اس مفرور کا نام اور اس کی ماں کا نام بھی ہر بار لے کر اس پر پھونک مارے۔ تمام مرچوں کو دم کرنے کے بعد اس مفرور اور اس کی ماں کا نام لے کر جلتی آگ میں ڈال دے۔ اس عمل سے بھاگا ہوا شخص جہاں کہیں بھی ہوگا، بیقرار ہو کر واپس بھاگا ہوا آئے گا اور اسے اس وقت تک چین نہیں آئے گا جب تک وہ اس جگہ واپس نہ آ جائے اور اس بے چینی کو ختم کرنے کے لئے وہ فوری طور پر حاضر ہوگا۔

گمشدہ شے کی واپسی

اگر کسی کی کوئی شے گم ہو گئی ہو اور نہ مل رہی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل کریں۔ اس کے لئے ۲۷ یوم تک بلاناغہ ۲۱ بار سورہ ملک اول و آخر درود شریف ۱۲۔۱۲ مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے، انشاء اللہ وہ شے دستیاب ہو جائے گی۔

مشکل سے نجات

شدید مصیبت میں ابتلاء سے نجات کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لئے ایک سفید کاغذ پر لفظ قارون لکھے اور ایک کاغذ پر لفظ فرعون لکھے اور تیسرے کاغذ پر لفظ ابلیس لکھے ان تینوں کاغذوں کو کسی بڑے برتن میں رکھ کر اوپر تین لیٹر پانی ڈالے اور اس برتن کو چولہے پر رکھ دے اور اس پر ۱۳ مرتبہ سورة ملک پڑھے اور دم کرے انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس مصیبت و ابتلا سے نجات مل جائے گی۔

مشکل سے نجات

خواہ کیسی ہی دینی یا دنیاوی مشکل درپیش ہو۔ ایسی صورت میں ذیل کا عمل کرنے سے وہ مشکل بفضل تعالیٰ دور ہو جائے گی اور اس کا حل بہت آسان ہو جائے گا۔ اس کے لئے کوئی ایک وقت مقرر کر کے چالیس روز تک بلاناغہ ہر روز ۲۵ بار سورہ ملک بمعہ اول و آخر درود شریف ۱۲۔۱۲ مرتبہ پڑھا کرے۔ دوران تلاوت سورہ مذکور اپنے مطلب کا دھیان رکھے۔ انشاء اللہ العزیز چلہ کے اندر اندر مشکل حل ہو جائے گی۔ تیزی عمل کے لئے اگر اس کا ورد برہنہ سر کھڑے ہو کر کرے تو زیادہ بہتر ہوگا۔

حل المشکلات

کیسی ہی سخت مشکل کیوں نہ درپیش ہو جو حل نہ ہوتی ہو اور ہر دنیاوی تدبیر ناکام ہو گئی ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لئے نئے چاند کے پہلے جمعہ کی رات نماز عشاء کے بعد ۱۲ مرتبہ سورة ملک اول و آخر

درود شریف اکیس اکیس بار پڑھے۔ اس کے بعد اس کا ثواب حضور رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں تحفتاً ہدیتاً پیش کرے۔ اس کے بعد دو رکعت نماز نفل بہ نیت حل مشکل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ۳ مرتبہ سورۃ ملک پڑھے۔ پھر سلام پھیر کر اپنے مقصد کے لئے بارگاہ الٰہی میں عاجزی وانکساری سے دعا مانگے۔ سات جمعہ کی شب تک اس عمل کو بلاناغہ کرنے سے انشاء اللہ کیسی ہی مشکل کیوں نہ ہو، وہ حل ہو جائے گی اور اس سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔

مشکل کا حل

جو کوئی اس بات کا خواہش مند ہو کہ اس کی ناقابل حل مشکل آسان ہو جائے اور اسے چھٹکارا مل جائے تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے وہ بعد از نماز فجر ۲ بار سورہ ملک پڑھے، پھر نماز ظہر کے بعد ۲ بار، نماز عصر کے بعد ۲ بار، نماز مغرب کے بعد ۲ بار اور نماز عشاء کے بعد گیارہ بار سورۃ ملک پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے عاجزی وانکساری کے ساتھ دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس کی مشکل سہل اور آسان تر ہو جائے گی۔ اگر اس عمل کو روزانہ کا معمول بنالے تو کبھی کسی بھی مشکل سے دوچار نہ ہو۔

فتح وکامرانی

جس کسی کو سخت ترین مہم درکار ہو تو اس مہم پر جانے سے قبل ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے مکئی کا آٹا لے کر باوضو حالت میں اسے گوندھیں اور اس میں شکر اچھی طرح ملائیں اور اس کی تین عدد روٹیاں پکائیں۔ روٹیاں پکانے کے بعد ہر ایک روٹی پر قبلہ رخ بیٹھ کر سورۃ ملک ۶-۶ بار پڑھیں۔ پھر سونے سے قبل ایک روٹی بسم اللہ شریف پڑھ کر اور اپنے مقصد کو مدنظر رکھتے ہوئے کھالیں۔ پھر جب اس مقام پر پہنچے جہاں مہم درکار ہے تو پھر دوسری روٹی بھی اسی طرح کھالے۔ پھر تھوڑی دیر وقفہ دیا کرے اور تیسری روٹی کھانے سے پہلے تازہ وضو کرے اور اس پر ۶ مرتبہ سورۃ ملک پڑھ کر دوبارہ دم کرے۔ اول و آخر درود شریف مدنی ۱۵-۱۵ مرتبہ بھی پڑھے اور اللہ تعالیٰ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے اس مہم میں حسب منشا، کام ہونے سے فتح وکامرانی حاصل ہوگی۔

مشکلات کا حل

اگر کسی کو ایسی پریشانی لاحق ہوگئی ہو جو کسی بھی طرح حل نہ ہوتی ہو تو ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بروز منگل باوضو حالت میں ۲۵ مرتبہ سورۃ ملک اور اول وآخر درود ۱۲-۱۲ مرتبہ پڑھ کر سجدہ میں گرگرا کر اللہ تعالیٰ کے حضور آہ وزاری کے ساتھ دعا مانگے۔ انشاء اللہ وہ مشکل سات یوم کے اندر اندر حل ہو جائے گی۔

مقدمہ میں کامیابی

اگر کوئی جھوٹے مقدمہ میں پھنس گیا ہو اور اس سے نکلنے کی کوئی صورت

دکھائی نہ دیتی ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس کے لئے نماز تہجد کی پابندی اختیار کرے اور اس کے بعد کھلے آسمان تلے برہنہ سر بیٹھے اور قبلہ رخ ۶ مرتبہ سورۃ ملک پڑھے اور دوران تلاوت اپنا مقصد پیش نظر رکھے پھر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے ۲۱ یوم تک بلاناغہ عمل کرنے سے بفضل تعالیٰ اس جھوٹے مقدمہ سے نجات مل جائے گی اور عدالت سے باعزت بری ہو جائے گا۔

مقدمہ سے رہائی

جو کوئی کسی ناجائز مقدمہ میں پھنسا ہوا ہو اور اس سے چھٹکارے کی کوئی صورت نظر نہ آئے تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے ہر روز بعد از نماز عشاء اول و آخر درود ۱۵۔۱۵ بار پڑھے۔ پھر سورہ ملک ۶ بار اور دعائے جمیلہ ۶ بار پڑھ کر سجدے میں ۶ بار یہ دعا مانگے۔ اے اللہ! میں لاچار ہوں اس سورہ مبارکہ اور دعائے جمیلہ کی برکت سے میری مدد فرما۔ انشاء اللہ گیارہ روز کے عمل سے کوئی نہ کوئی سبیل اس مقدمہ سے چھٹکارے کی نکل آئے گی۔ زیادہ سے زیادہ اکیس یوم کے عمل سے مکمل نجات حاصل ہوگی۔

رہائی کی سبیل

اگر کوئی مرد قید میں ہو اور رہائی ممکن نظر نہ آتی ہو تو ذیل کا عمل مجرب ہے۔ نئے چاند کی پہلی جمعرات کے دن بوقت فجر یہ عمل شروع کرے۔ فجر کی نماز کے بعد دو

رکعت نماز نفل پڑھے۔ بعد از اسلام پھیرنے کے پہلے ۱۴ بار درود الصوفی پڑھے۔

پھر ۹ بار سورہ ملک پڑھے، اس کے بعد ۱۴ بار درود پڑھے اور اللہ کے حضور، حضور قلب سے عاجزی و انکساری سے رہائی کے لئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ چند یوم کے عمل سے رہائی کی سبیل پیدا ہو جائے گی۔ احتیاط یہ کرنا ضروری ہے کہ دوران عمل کسی سے کسی بھی قسم کی بات چیت نہ کرے۔

قیدی کی رہائی

اگر کوئی شخص بلاوجہ قید میں گرفتار ہو گیا ہو اور اس کی رہائی کی صورت نظر نہ آتی ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل نافع اور مجرب ہے۔

باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر مشک و زعفران سے سورہ ملک ایک کاغذ پر لکھ کر خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے قیدی مذکور کے بازو پر باندھ دیں۔ انشاء اللہ وہ قیدی بہت جلد قید سے رہا ہو جائے گا۔

قید سے خلاصی

اگر کسی کو کسی نے ناجائز پکڑ کر قید میں ڈال دیا ہو تو ذیل کا عمل خلاصی قید کے لئے بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے قیدی کا کوئی عزیز بعد از نماز عشاء باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر اول و آخر درود شریف ۱۳۔۱۳ بار سورہ ملک ۴۱ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے انشاء اللہ اس عمل سے رہائی نصیب ہو جائے گی۔

چوری شدہ مال کی بازیابی

اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو اور اس کی بازیابی کا کوئی حل نہ نکلتا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بدھ، جمعرات اور جمعہ کے روز روزہ رکھے اور افطاری سے قبل ہر روز باوضو حالت میں ۸ بار سورہ ملک اول و آخر درود شریف ۸۔۸ مرتبہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کرے، انشاء اللہ تعالیٰ چند یوم کے عمل سے چوری کا مال بازیافت ہو جائے گا اور چور اپنے انجام کو پہنچے گا۔

دشمن کے شر سے نجات

جس کسی کا واسطہ ظالم دشمن سے پڑ گیا ہو اور اس سے چھٹکارا ممکن نہ ہو تو ذیل کا عمل مجرب و مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے سورۃ ملک کے نقش کو کسی سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے لکھے اور پھر اس پر سورۃ ملک کا ۲۱ مرتبہ ورد کر کے دم کرے اور اس کاغذ کو کسی پرانی قبر میں دفن کر دے۔ چند دنوں میں ہی بفضل باری تعالیٰ ظالم دشمن سے چھٹکارا مل جائے گا۔ یہ عمل بروز اتوار بعد نماز فجر طلوع آفتاب سے پہلے پہلے کرنا ضروری ہے۔

دشمن سے نجات

جو شخص اپنے دشمن کا سامنا کرتے ہوئے گھبراتا ہو اس کے لئے ذیل کا

عمل مفید ہے اس عمل کی بدولت دشمن اسے کچھ بھی نہ کہہ پائے گا۔

طریقہ اس کا یہ ہے کہ باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر چینی کی کسی پلیٹ میں سورہ ملک زعفران و گلاب سے لکھ کر اس کو پانی میں دھوئے پھر اس پانی سے اپنا منہ اچھی طرح دھوئے اور سر پر لگائے اور اس کے بعد دشمن کے پاس جائے بحکم ربی دشمن اس کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکے گا۔

دشمن سے نجات

جو شخص اپنے دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنا چاہتا ہو، تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔ بروز پیر سورہ ملک ۶ بار پڑھ کر دشمن کی جانب اس کا تصور کر کے پھونک مار دیں۔ انشاء اللہ وہ دشمن کی بدی اور شر سے محفوظ ہو جائے گا۔ یہ عمل ۶ دن کرنا لازمی ہے۔

ہمسایہ کے شر سے نجات

اگر کسی کا ہمسایہ شرارت پسند ہو اور اہل محلہ آئے دن اس کی شرارتوں کی وجہ سے تنگ آ گئے ہوں اور وہ باوجود سمجھانے بجھانے کے مزید شر پسندی پر مائل رہتا ہو تو اس کی شر پسندی اور بدزبانی سے محفوظ رہنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس کے لئے نماز عصر کی سنت غیر موکدہ ادا کرنے کے بعد ۶ مرتبہ سورہ ملک اور اول آخر درود شریف ۱۵۔۱۵ بار پڑھے اور پڑھتے وقت یہ تصور رکھے کہ اللہ تعالیٰ اس کی زبان بندی فرما رہے ہیں اور اس کے شر کا خاتمہ

فرمارہے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا مانگے۔
انشاء اللہ ۱۲ روز کے بلاناغہ عمل سے اس کے شر سے اہل محلہ کو نجات مل جائے گی اور وہ برائی چھوڑ کر نیکی کی طرف مائل ہو جائے گا۔

افسر کے شر سے نجات

اگر کسی مقام پر ظالم افسر تعینات ہو گیا ہو اور اس کے ظلم وستم سے کوئی شخص محفوظ نہ رہے اور اس کے خلاف آواز اٹھانا اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا ہو اور اس کے خوف سے ہر شخص لرزاں وترساں رہے تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے بعد از نماز جمعہ خشوع وخضوع کے ساتھ ۱۴ مرتبہ سورہ ملک بمعہ بسم اللہ شریف پڑھ کر سرسوں کے دانوں پر دم کریں اور ان دانوں کو آگ میں ڈال دیں آگ میں ڈالتے وقت یہ الفاظ کہیں۔ یاالٰہی بحرمت اس سورۃ الشریفہ فلاں بن فلاں سے نجات عطا فرما۔ فلاں فلاں کی جگہ اس افسر کا نام بمعہ اس کی ماں کا نام لے لیں اگر ماں کا نام نہ معلوم ہو تو اس کا نام بن حوا کہیں۔
انشاء اللہ وہ ظالم عذاب الٰہی میں مبتلا ہو کر ہلاک ہو جائے گا اور اس کے شر اور ظلم سے مکمل نجات حاصل ہو جائے گی۔

دشمن کی تباہی کے لئے

دشمن سے بدلہ لینے کے لئے ذیل کا عمل تریاق کا اثر رکھتا ہے لیکن ناجائز

کام کی صورت میں مستوجب عذاب الٰہی ہو گا۔

کسی پرانی قبر سے ایک مٹھی مٹی لائے اور اس پر ۴ بار سورہ ملک بہ تصور دشمن پڑھ کر دم کریں اور اس مٹی کو دشمن کے گھر میں ڈال دیں۔ اس کا سارا گھر تباہ و برباد ہو جائے گا۔

دشمن تباہ ہو

جو کوئی اپنے دشمنوں کے ظلم وستم سے تنگ آگیا ہو اور نجات کی کوئی راہ نظر نہ آتی ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے لیکن ناجائز نہ کرے۔ ورنہ خود ذمہ دار ہو گا۔ چالیس یوم تک بلاناغہ مقررہ وقت کے ساتھ قبرستان میں دو پرانی قبروں کے درمیان بیٹھ کر برہنہ ۴۱ بار سورہ ملک اس نیت وارادہ کے ساتھ پڑھے کہ میرا دشمن تباہ ہو جائے تو اس عمل کی بدولت دشمن مکمل تباہی سے دوچار ہو جائیں گے اور اس کا پیچھا ہمیشہ کے لئے چھوڑ دیں گے۔

دشمن کی تباہی

جس دشمن کے ہاتھوں انتہا سے زیادہ تنگ ہو چکے ہوں اور وہ ہر وقت مصیبت وابتلا کھڑی کرتا رہے تو اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔ اس کے لئے مٹی کی کوری پلیٹ لیں اور اس پر سورہ ملک اس طریقے سے لکھیں کہ درمیان میں دشمن اور اس کی ماں کا نام لکھا جائے، پھر اس پلیٹ کو اوندھا کر کے آگ میں یا گرم راکھ میں دفن کریں کہ اس پر مسلسل آگ

کی تپش رہے۔ انشاء اللہ بہت جلد وہ دشمن تباہ ہو جائے گا۔ یہ عمل ناجائز طور پر نہ کیا جائے، وگرنہ خود ذمہ دار ہوگا۔

تباہی کے اسباب

جو کوئی اپنے دشمن کے ہاتھوں سخت پریشان اور ذلیل ہو اور اس کا دشمن اسے نقصان پہنچانے سے کسی طرح باز نہ آتا ہو تو روزانہ بعد از نماز فجر اور نماز عشاء چالیس یوم تک سورہ ملک ۴ مرتبہ روزانہ پڑھے اور پھر چالیسویں دن قبرستان میں جائے اور دو پرانی قبروں کے درمیان ننگے سر بیٹھ کر ۴ مرتبہ سورہ ملک پڑھ کر اللہ سے دعا مانگے اور اس کے نام کا پرچہ لکھ کر دونوں قبروں کے درمیان دفن کر دے انشاء اللہ دشمن کے شر سے ہمیشہ کے لئے محفوظ و مامون ہو جائے گا اور غیب سے دشمن کی تباہی کے اسباب پیدا ہونگے۔

دشمن کی بربادی

بربادی دشمن کے لئے بروز اتوار سورۃ ملک ۲۲ بار پڑھ کر مٹی پر دم کر کے دشمن کے گھر میں ڈال دیں وہ دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا۔

دشمن کی ہلاکت

اگر کسی کا دشمن بے انتہاء ظالم جابر ہو اور اس نے ناک میں دم کر رکھا ہو تو ایسی حالت میں اس کی ہلاکت کے لئے ذیل کا عمل پر اثر ہے مگر یاد رہے کہ

ناجائز نہ کرے وگرنہ عقوبت الٰہی کا خود ذمہ دار ہوگا۔

اس کے لئے بروز اتوار جنگل میں جا کر زیر درخت جھاؤ چھری سے ایک خط چاروں طرف کھینچے اور اس کے درمیان بیٹھ کر اول درود ۱۳ بار اور پھر ۴ بار سورۃ ملک بمعہ بسم اللہ کے پڑھے اور درمیان پڑھے کے اپنے دشمن کی ہلاکت کا تصور بطور مردہ رکھے۔ انشاء اللہ گیارہ روز کے عمل کے دوران دشمن ہلاک ہو جائے گا اور اس کے ظلم و ستم سے مکمل نجات مل جائے گی۔

دشمن کی بیماری

اگر کسی کا کوئی دشمن انتہائی ظالم ہو اور اس کے ظلم کی انتہا ہو جائے، جس کی وجہ سے بہت نقصان کا سامنا رہتا ہو اور وہ اپنے بدارادے سے باز نہ آتا ہو اور نہ ہی صلح پر آمادہ ہو۔ تو ایسی صورت میں اس کو بیمار کرنے کے لئے کہ وہ اپنی پریشانی مین مبتلا رہے اور اس طرح توجہ نہ دے سکے تو ذیل کا عمل بے حد فائدہ بخش ہے۔ یاد رہے، یہ عمل ناجائزہ کاموں کے لئے نہ کیا جائے، وگرنہ مستوجب عذاب الٰہی ہوگا۔ اس کے لئے ایک سفید کاغذ لے کر اس پر باوضو حالت کالی سیاہی سے چار خط کھینچے اور ان خطوں کے درمیان سورہ ملک کے نقش کو لکھے۔ لکھنے کے بعد اس کے نیچے دشمن اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور اس کاغذ کو کسی پرانی قبر میں دفن کر دے۔ چند دنوں میں ہی دشمن شدید بیمار ہو جائے گا اور اس کی بیماری کے متعلق کچھ پتہ نہ چل سکے گا کہ کیا بیماری ہے اور کیوں علاج کارگر نہیں ہو رہا۔ وہ اس وقت تک بیمار رہے گا جب تک اس کاغذ کو قبر سے باہر نہ

نکالا جائے گا اور اس کو اپنی بیماری کے سوا ہر بات بھول جائے گی۔

دشمن کی معزولی

اگر کوئی ظالم دشمن کی قید میں ہو اور رہائی کی کوئی امید نظر نہ آتی ہو تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے اس کے لئے جمعہ کے دن بعد از نماز فجر سر برہنہ بلا تسمیہ و درود شریف کے سورۃ ملک کو بہ نیت معزولی دشمن ۱۹ بار پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے انشاءاللہ تین جمعہ کے عمل سے وہ دشمن معزول ہوگا اور برباد ہوگا۔

صلح وصفائی کے لئے

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ دو بھائیوں، دو بہنوں یا بہن بھائیوں کے درمیان عداوت ودشمنی ختم ہو جائے اور ان میں پیار والفت پیدا ہو جائے تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے چالیس یوم تک بلا ناغہ باوضو حالت میں سورہ ملک اس طرح پڑھے کہ اس مدت کے اندر اس کی مقدار تلاوت دو سو چالیس بار ہو جائے لیکن ہر بار سورۃ ملک پڑھنے کے بعد یہ الفاظ کہے۔

الحب فَلاں بِن فَلاں فَلاں بِن فَلاں بِطُفَیل ایں سورۃ شریف پڑھے ۔فلاں بن فلاں کی جگہ ان کے اور ان کی ماؤں کے نام لے ۔اس عمل کو ایک معین وقت پر چالیس روز کرنے کے ساتھ دعا رب العزت کے حضور بھی کرے اور ممکن ہو تو مٹھائی پر دم بھی چالیسویں روز بعد از عمل کرے اور یہ مٹھائی ان کو کسی طرح یا کسی

بہانے سے کھلا دے۔ انشاءاللہ اس عمل کی بدولت ان کے درمیان عداوت اور دشمنی خود بخود ختم ہو کر الفت ومحبت لازوال پیدا ہو جائے گی اور لوگ ان پر رشک کریں گے اور وہ ایک دوسرے کے ساتھ شیر وشکر ہو جائیں گے۔

دشمن میں جدائی

اگر کسی کے دو یا دو سے زائد دشمن ہوں اور ان کی وجہ سے اس کی زندگی عذاب ومصائب میں گزر رہی ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

گندم کے آٹے کی روٹی پکا کر اس پر دشمنوں کے نام بمعہ والدہ لکھ کر اس کو گھی سے اچھی طرح تر کریں اور اس کے اوپر ۴ بار سورہ ملک بہ نیت ان دشمنوں کے درمیان پھوٹ ڈالنے اور جدائی کے لئے پڑھے اور اس روٹی کے اوپر دم کر کے کسی کتے کے آگے ڈال دے جیسے جیسے کتا یہ روٹی چباتا جائے گا، ان دشمنوں کے درمیان پھوٹ پڑتی جائے گی۔ انشاءاللہ العزیز اس عمل سے ان سے جان چھوٹ جائے گی۔

جدائی کے لئے

اگر دو فریقوں کے درمیان عداوت ڈالنی ہو جو حد سے زیادہ تنگ کرتے ہوں تو ایسی صورت میں ذیل کا عمل کرنا چاہئے، لیکن ناجائز عمل کرنے سے مستوجب عذاب الٰہی کا ذمہ دار خود ہوگا۔

اس کے لئے دو روٹی یا پراٹھے لے کر ان پر سورۃ ملک کا نقش زعفران و گلاب سے لکھ کر درمیان میں دونوں فریقوں کا نام معہ ان کی ماؤں کا نام لکھے۔

بعد اس روٹی کو سیاہ کتے کو کھلا دیں۔ قیامت تک ان کے درمیان عداوت و دشمنی رہے گی اور صلح نہیں ہو گی۔

آپس میں جدائی

جب برے اشخاص کا جمگھٹا ہو جائے اور اس سے لوگوں کو ہر وقت تکلیف و ہراس کا سامنا رہے اور ان کے ضرر سے بچنے کا کوئی حل نہ ہو تو ایسی صورت میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں سورۃ ملک کا ورد ۱۳ بار اس طریق سے کریں کہ ہر بار پڑھنے کے بعد ان برے اشخاص کا تصور کر کے کسی شیرینی پر دم کر دیں اور اس طرح ۱۳ بار یہ دم کریں۔ دم کرنے کے بعد ان الفاظ کو بھی پڑھ کر شیرینی پر دم کریں۔ الٰہی بحرمت ایں سورۃ شریفہ ان برے اشخاص (یہاں ان کا نام لے اور اگر ان کی ماؤں کا نام بھی معلوم ہو تو وہ بھی ان برے لوگوں کو تتر بتر کر دے اور ان کے شر سے ہم سب کی حفاظت فرما)۔ پھر اس شیرینی کو کسی صورت میں بھی ان برے اشخاص کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ ان کا جمگھٹا تتر بتر ہو کر بکھر جائے گا اور کسی کو بھی ان کے شر سے کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔

دشمن کی زبان بندی

حاسدین اور بدخواہوں کی زبان بندی کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے، اس مقصد کے لئے ہر روز بعد از نماز فجر سورۃ ملک پڑھیں۔

پڑھنے کے بعد یوں کہے "اے اللہ! میں اپنے تمام حاسدین اور دشمنوں کو تیرے حوالے کرتا ہوں، مجھے ان سے نجات دے۔" پھر بقیہ سورہ ملک ۱۹ بار پڑھے، اس عمل کی بدولت ایسے دشمنوں اور حاسدوں کے حسد اور شر سے سارا دن محفوظ و مامون رہے گا۔ روزانہ اس کی تلاوت سے حاسدین اور دشمنان کی ہمیشہ کے لئے زبان بندی ہو جائے گی۔

خواب بندی

جس کو بے تکے خواب اکثر پریشان کرتے ہوں اور اس کا کوئی حل نہ سوجھتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل کرنے سے بے تکے خواب آنا بند ہو جائیں گے اور پریشانی لاحقہ سے جان چھوٹ جائے گی۔

رات کو سونے سے پہلے باوضو حالت میں سفید کاغذ پر سیاہی یا زعفران و گلاب سے سورۃ ملک کا نقش بعد بسم اللہ شریف لکھے اور اس کے نیچے اس مضمون کی عبارت لکھے۔

یا الٰہی خواب پریشان سے نجات ملے اور اس کاغذ کو رات کو تکیے کے نیچے رکھ کر سویا کرے۔ انشاء اللہ کبھی بھی غلط قسم کے بے تکے خواب نظر نہیں آئیں گے اور وہ آئندہ ہمیشہ کے لئے بند ہو جائیں گے۔

دشمن سے حفاظت

اس کے لئے لازم ہے کہ صبح کی نماز کی پابندی اختیار کرے اور بعد از نماز

فجر قبلہ رخ بیٹھ کر پہلے درود ۱۵ بار پڑھے، اس کے بعد ۶ بار سورہ ملک کی تلاوت کرے، پھر ۱۵ بار درود پڑھے۔ اگر دوران تلاوت کسی سے بات کرنے کی ضرورت پیش آئے تو ۶ بار درود پڑھ کر اس بات کو کرے اور ۶ بار درود پڑھ کر آگے سورۃ شریف کو شروع کرے اور تعداد بقیہ کو پورا کرے۔ اس میں کبھی بھی ناغہ نہ کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے چند یوم کے اندر اندر اس عمل میں ایسی برکت پیدا ہوگی کہ بیان سے باہر ہے۔ اس کے تمام دشمن مقہور ہو جائیں گے اور جو کوئی بھی اس عامل کو ستانے کا ارادہ کرے گا، خود ہی مشکل اور مصیبت میں مبتلا ہوگا اور اس کی تمام ضرورتیں اللہ تعالیٰ غیب سے پوری فرما دیں گے اور لازوال غنائے قلب حاصل ہوگا۔

جنگ میں حفاظت

مجاہد کے لئے لازم ہے کہ وہ جنگ میں اپنی حفاظت کے لئے جانے سے پہلے سورۃ ملک ۶ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور ہو سکے تو دوران جنگ اس کا ورد بھی جاری رکھے۔ بفضل اللہ وہ ہر طرح محفوظ و مامون رہے گا اور اس کو کوئی بھی تکلیف نہ پہنچے گی اور میدان سے کامیاب وکامران واپس لوٹے گا۔

ادائیگی قرض کے لئے

جو شخص مقروض ہو اور وہ قرض ادا کرنے کی پوزیشن میں نہ ہو اور ہر وقت قرض خواہ اسے تنگ کرتے ہوں تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل مفید اور نافع ہے۔

۲۵ روز تک روزمرہ بعد از نماز فجر ۲۵ بار سورہ ملک بہ نیت ادائے قرض ورد کرے۔ اول و آخر درود شریف ۱۲-۱۲ بار پڑھے۔ انشاء اللہ اس کے قرضے کی ادائیگی کا بندوبست خزانہ غیب سے ہو جائے گا۔

خزانہ کی جگہ معلوم کرنا

اگر کسی کو کسی دفینہ کے بارے میں صحیح معلومات درکار ہوں اور وہ ان کے حصول میں ہر طرح ناکام ہو چکا ہو تو ایسے میں ذیل کے عمل سے اپنا مقصد بخوبی حاصل کر سکتا ہے۔

ہر روز انشاء اللہ بعد نماز عشاء ۱۷ مرتبہ سورۃ ملک اس طرح پڑھے کہ اول و آخر درود شریف ۱۷-۱۷ مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل پچاس یوم تک بلا ناغہ کرے۔ اس عمل کے ساتھ اس کے پاس چار اشخاص سیاہ پوش آئیں گے اور السلام علیکم کہنے کے بعد اس سے یوں استفسار کریں گے کہ اے بنی آدم! تو نے ہمیں کیوں تکلیف دی ہے اور تیری کیا حاجت ہے؟ ان کو اسی وقت کہے کہ فلاں جگہ میں دفن شدہ خزانہ مجھے بخش دیں اور اس صحیح مقام کی نشاندہی بھی کر دیں تاکہ نکالنے میں دقت اور پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ پھر جب وہ اس مقام کی اور اس خزانے کی صحیح طور پر نشاندہی کر دیں تو اس بات کو اچھی طرح یاد رکھے اور بھول نہ جائے، پھر عمل سے فارغ ہو کر حسب توفیق شیرینی لے کر غرباء و مساکین میں تقسیم کرے اور دفینہ کی جگہ پر کھدائی کرے۔ بفضل باری تعالیٰ اسے خزانہ غیبی ضرور ملے گا۔

حصول خزانہ کے لئے

اگر کوئی خزانہ غیب کے حصول کا خواہاں ہو تو ذیل کا عمل کئی چلے تک کرنا مفید ہے۔ اس کے لئے اول و آخر درود ۱۵۔ ۱۵ بار بمعہ سورۃ ملک ۱۵ بار سوتے وقت پڑھا کرے جب بھی اللہ تعالیٰ چاہیں گے خزانہ غیب سے نواز دیں گے اس کے لئے شرط اخلاص و عاجزی و انکساری اور گناہوں سے تائب ہونا لازمی ہے۔

رزق میں برکت

ذیل کا عمل دین اور دنیا کے تمام امور بشمول رزق میں اضافہ اور دیگر حاجات کے لئے بہت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ بعد از فراغت نماز مغرب دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے ۲ بار سورۃ ملک پڑھے اس کے بعد پھر ۱۶ بار درود پڑھ کر دوبارہ سورۃ شریف کو شروع کرے اور گیارہ بار مکمل کر کے یَا مُغْنِیُ یَا مُھَیْمِنُ ۲۷ بار پڑھ کر اپنی بہتری کے لئے رب العزت کے حضور دعا مانگے۔ چالیس یوم کے بلاناغہ عمل سے دن بدن رزق میں اضافہ اور دین و دنیا کے تمام امور و حاجات میں عجیب و غریب طریقے سے ترقی اور تاثیر پیدا ہو جائے گی۔ نہایت مجرب عمل ہے۔

معاشی فراوانی

جو کوئی تنگی معاش سے پریشان ہو اور کاروبار میں مندے کا سامنا رہتا ہو تو

اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

روزانہ صبح کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اور اگر کسی وجہ سے یہ ممکن نہ ہو تو طلوع آفتاب کے بعد ایک وقت مقرر کر کے اول درود شریف مدنی ۳ بار، پھر سورۃ ملک ۱۲ بار اور اس کے بعد ۲۰ بار یَا مُغْنِیُ پڑھے بعدہ ۳ بار درود شریف مدنی پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے، پھر ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف تین تین بار سورۃ ملک دوبارہ ورد رکھے اور دعا مانگے۔ انشاء اللہ چند یوم میں ہی کایا پلٹ شروع ہو جائے گی اور رزق میں دن بدن ترقی ہونے سے تنگی معاش کی شکایت ختم ہو جائے گی۔

کشائش رزق

کشائش رزق کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لئے ہر روز بعد نماز عشاء اول درود مدنی ۱۲ بار، پھر سورۃ ملک ۱۲ بار پڑھے۔ سورت کو مکمل کرے، بعدہ درود ۱۲ مرتبہ پڑھے۔ روزانہ اس کی مداومت سے دن بدن رزق میں ترقی ہوتی جائے گی اور کسی بھی قسم کی پریشانی لاحق نہ رہے گی۔

رزق میں اضافہ

اس کے لئے نوچندی جمعرات یا بدھ کو پہلے غسل کرے اور پاک صاف لباس پہنے۔ خوشبو لگائے، پھر کوئی ایک جگہ مقرر کرے اور وہاں بعد از مغرب

اول ۱۲ بار درود پڑھے پھر ۱۲ بار سورۃ ملک پڑھے۔ بعد میں ۱۲ بار درود پڑھے اور نماز عشاء اسی جگہ پڑھ کر مصلے پر سو رہے۔ صبح کو اٹھ کر بغیر کوئی کام کرنے یا کسی سے بھی کلام کرنے کے ۳ بار سورہ ملک کو پڑھے۔ پھر کھڑا ہو کر اپنے کاروبار میں مشغول ہو جائیں اور سارا دن اپنے آپ کو اپنے کاروبار میں مستغرق رکھے۔ اس طریق سے ۲۷ روز تک یہ عمل جاری رکھے۔ ۲۷ روز کے بعد روزانہ صبح کو بعد از نماز فجر سورۃ ملک کو ۱۲ بار پڑھ کر دعا مانگا کرے۔ کبھی ناغہ نہ کرے ورنہ اس کی فتوحات رزق میں کمی ہو جائے گی۔ اس عمل کا نظارہ الٰہی خود ہو جائے گا اور رزق میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔

مفلسی سے نجات

جو کوئی فاقوں سے تنگ ہو اور معاش کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

ہر روز بعد از نماز عشاء ۳ مرتبہ سورۃ ملک پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے عاجزی و انکساری کے ساتھ دعا مانگے۔ انشاء اللہ معاش کا کوئی نہ کوئی ذریعہ جلد ہی بن جائے گا اور فاقوں سے نجات مل جائے گی۔

مفلسی سے نجات

رزق معاش کی تنگی والے حضرات کے لئے یہ عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لئے روزانہ بعد از نماز فجر سورۃ ملک ۱۱ مرتبہ اول و آخر درود شریف

نی ۴-۴ مرتبہ پڑھا کرے اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ اس عمل سے اللہ تعالیٰ کی رحمت خاص ہو جائے گی اور یہ شکایت رفع ہو جائے گی۔

مفلسی دور ہو

جو شخص تنگی رزق میں مبتلا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔ اول و آخر درود پاک مدنی ۱۳-۱۳ بار اور ۲۲ بار سورۃ ملک پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کرے اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا بھی مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل سے روز بروز تنگی رزق کا مسئلہ ختم ہو جائے گا اور یہ شکایت ہمیشہ کے لئے دور ہو جائے گی۔

منسوخی تبادلہ کے لئے

جس کسی کا تبادلہ ہو گیا ہو اور وہ واپس اسی جگہ پر آنا چاہتا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔ اس کے لئے بعد از ہر نماز اول و آخر درود مدنی ۱۳-۱۳ مرتبہ، سورۃ ملک ۴ مرتبہ اور ۱۱ مرتبہ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ پڑھ کر سجدے میں جا کر دعا مانگے۔ انشاء اللہ ۲۸ یوم کے عمل سے تبادلہ منسوخ ہو جائے گا اور خواہش بفضل باری تعالیٰ پوری ہو جائے گی۔

حسب منشا تبادلہ

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کا تبادلہ اس کی حسب منشاء جگہ پر ہو تو ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس کے لئے بعد از نماز اول و آخر درود شریف ۱۳۔۱۳ مرتبہ، سورۃ رحمٰن تین مرتبہ اور سورۃ ملک ۴ مرتبہ پڑھ کر سجدے میں گڑگڑا کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ ۱۳ یوم کے عمل سے حسب خواہش تبادلہ ہو جائے گا اور اس ضمن میں تمام رکاوٹیں دور ہو جائیں گی۔

عہدہ کی بحالی کے لئے

جو کوئی اپنے عہدہ سے کسی بھی وجہ سے ناجائز طور پر معزول ہو گیا ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اسی عہدہ پر دوبارہ بحال ہو جائے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے چاند کی پہلی تاریخ کو جمعرات کے روز روزہ رکھے پھر بعد از نماز فجر ۴ بار سورہ ملک اول و آخر درود ۴۔۴ مرتبہ پڑھے پھر یہی عمل بعد از نماز عشاء کرے اور اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے مقصد کے لئے دعا کرے یہ عمل ۲۸ یوم تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ بحالی عہدہ کی کوئی سبیل پیدا ہو جائے گی مکمل بحالی تک اس عمل کو جاری رکھے۔

حاجت روائی کے لئے

ہر جائز مقصد کے حصول کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔ اس مقصد کے لئے رات کو بارہ بجے اٹھے، غسل کرے پھر پاک صاف لباس پہن کر بارہ رکعت نماز نفل تہجد پڑھے، اس کے بعد ۱۱ مرتبہ سورۃ ملک بمعہ اول آخر درود ۱۶۔۱۶ بار

پڑھے۔ انشاء اللہ چالیس روز کے عمل سے اس کا ہر مقصد حاصل ہو گا۔ اس عمل کی برکات کو جاری رکھنے کے لئے روزانہ ۲ مرتبہ سورۃ ملک بمعہ اول و آخر درود ۱۶۔۱۶ مرتبہ جاری رکھے۔

حاجت براری کے لئے

حاجت براری کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔ اس کے لئے بروز منگل بعد از نماز فجر اول و آخر درود بارہ اور سورۃ ملک ۱۲ بار پڑھ کر اپنی حاجت اللہ تعالیٰ سے مانگے انکساری و عاجزی کے ساتھ کیا گیا یہ عمل رائگاں نہ جائے گا اور چند یوم میں مطلوبہ حاجت پوری ہو جائے گی۔ یہ عمل تا حصول حاجت روزانہ جاری رکھا جائے۔

حاجت روائی کے لئے

انسان کی ایسی حاجت جو کسی طرح پوری ہوتی نظر نہ آتی ہو اور اس کی وجہ سے بے حد پریشانی لاحق رہتی ہو تو اس کے حل کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے نئے چاند کی رات جمعہ کو بعد از عشاء تمام امور دنیاوی سے فارغ ہو کر کسی تنہائی والی محفوظ جگہ پر مصلہ بچھا کر نہایت یکسوئی سے اس عمل کو شروع کرے۔ عمل سے پہلے غسل کرے اور پاک صاف کپڑے پہن کر وضو کر کے مصلے پر کھڑے ہو کر دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ۵ بار سورۃ اخلاص پڑھے، پھر سلام پھیرے اور اس کا ثواب حضور کریمؐ اور

حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت کی بارگاہ اقدس میں بطور ہدیہ پیش کرے پھر قبلہ رخ بیٹھ کر سر پر سے ٹوپی اتار دے اور اپنے سامنے رکھ لے اور اس کے بعد درود ۱۰ بار پڑھے پھر ۵ بار سورۃ ملک پڑھے پھر ۱۰ بار درود پڑھے، پھر سب سے پہلے دعا ترقی دین کرے اس کے بعد حضور قلب سے اپنی حاجت کی دعا کرے۔ بعد از دعا اسی جگہ مصلے پر سو رہے۔ اس طریقہ سے ۱۱ یوم بلا ناغہ یہ عمل کرے۔ ۱۱ یوم کے اندر اندر اس کی حاجت بفضل تعالیٰ پوری ہوگی۔ سردیوں میں سوتے وقت اوپر ہلکی رضائی لے سکتا ہے۔

حل المشکلات

جو کوئی کسی سخت مشکل میں گرفتار ہو اور اس مشکل سے چھٹکارا نظر نہ آتا ہو اور درماندہ مضطرب رہتا ہو، اس کو چاہئے کہ وہ نصف رات کو بیدار ہو کر باوضو حالت میں دو رکعت نماز نفل تحیۃ الوضو پڑھے اور پھر اول و آخر درود شریف الصوفی ۱۰، ۱۰ بار پڑھ کر ۵ مرتبہ سورۃ ملک پڑھے اور بعد میں اللہ کے حضور اپنی حاجت روائی کے لئے دست بدعا ہو۔ انشاءاللہ چند یوم میں مشکل آسان ہو جائے گی۔

حاجت کی تکمیل

جب کوئی سخت حاجت پیش آ جائے اور اس میں پیش رفت حل کی نہ ہو رہی ہو تو ذیل کا عمل اس کے لئے مفید ہے۔

اس کے لئے صبح کی نماز کی سنت اور فرض کے درمیان قبلہ رخ دو زانو بیٹھ

کر سب سے پہلے ۱۰ بار درود پڑھے، پھر ۵ بار سورۃ ملک کو پڑھے اور پھر ۱۰ مرتبہ درود پڑھے۔ اس کے بعد باری تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ یہی عمل رات کو عشاء کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اس عمل کو اتنے دن تک جاری رکھے جب تک اس کی حاجت پوری نہ ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے چند یوم میں ہی حاجت پوری ہو جائے گی۔

قضائے حاجت

قضائے حاجت کے لئے ذیل کا عمل جمعہ کی رات کو آدھی رات کے بعد اٹھ کر پہلے غسل کرے، اس کے بعد پاک صاف لباس پہن کر اسے عطر لگائے اور پھر قرآن شریف ہاتھ میں لے کر کسی صاحب مزار کے سرہانے جا کر کھڑا ہو۔

پہلے ۱۰ بار درود الصوفی پڑھے، اس کے بعد ۵ بار سورۃ ملک پڑھے لیکن ہر بار سورۃ شریف کو شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ شریف لازماً پڑھے، اس کے بعد ۱۰ بار درود پڑھ کر اپنی حاجت باری تعالیٰ کے حضور پیش کرے۔ سات روز تک متواتر یہ عمل جاری رکھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سات یوم کے اندر مطلوبہ حاجت پوری ہو جائے گی۔

حاجت روائی کے لئے

کسی بھی حاجت کے لئے ذیل کا قادر یہ عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از غسل وضو کر کے دو رکعت نماز نفل بہ نیت نجات

من الحاجت پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ۵ بار سورۃ اخلاص پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد اس کا ثواب حضور سرور کائنات ﷺ اور حضرت غوث الثقلین کو ہدیہ کرے، پھر ۷ بار کلمہ یا غوث استغنی کہہ کر گیارہ بار درود شریف غوثیہ پڑھے۔ اس کے بعد سورۃ ملک معہ اعوذ باللہ اور بسم اللہ شریف پڑھے۔ جب ۴ بار سورۃ ملک پڑھ لے تو اس کے بعد اپنی حاجت کے لئے دعا کرے۔ اس طریقے سے ۴ بار سورۃ ملک کو پڑھے۔ اس طرح اس عمل کو گیارہ روز تک بلا ناغہ کرنے سے ایک چلہ ختم ہوگا۔ پھر اگلے روز سے دوبارہ یہی چلہ شروع کرے اور گیارہ چلے مکمل کرے۔ یا پھر گیارہ شخص باہم مل کر گیارہ دن کا چلہ اس مقصد اور حاجت کے لئے کریں۔ اس عمل کی بدولت وہ حاجت بفضل تعالیٰ پوری ہو جائے گی اور کئی لازوال نعمتیں بھی ذات باری تعالیٰ عنایت فرما دیں گے۔

مشکلات کا حل

حاجات خواہ کیسی ہی کیوں نہ ہوں اور کیسی ہی مشکلات کا سامنا ہی کیوں نہ ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہو۔

اس مقصد کے لئے بعد نماز تہجد یا عشاء کھڑے ہو کر اول درود ۱۵ بار پڑھیں۔ اس بعدہ سورۃ ملک ایک بار پڑھیں ایک بار اذان کہیں، حتیٰ کہ تعداد ۲۱ مرتبہ ہو جائے۔ ۲۱ مرتبہ کے ورد کے بعد ۱۵ بار درود مدنی پڑھے اور اپنی حاجت کی دعا اللہ تعالیٰ کے حضور کرے۔ چالیس روز کے اس عمل سے خواہ کیسی ہی حاجت کیوں نہ ہو، بفضل باری تعالیٰ پوری ہو جائے گی۔

حاجت روائی کے لئے

جب کسی کو کوئی بھی دین و دنیا کی حاجت درپیش ہو تو ذیل کا عمل کرنے سے وہ حاجت بفضل تعالیٰ پوری ہو جائے گی۔

عمل کو شروع کرنے سے قبل ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے، پھر روزہ رکھے اور بروز جمعرات، جمعہ یا پیر کی صبح کو بعد از نماز اشراق نیا غسل کرے اور دو رکعت نماز نفل پڑھ کر یہ ثواب حضرت رسول مقبول ﷺ کو پیش کرے پھر یکسوئی کے ساتھ بلا کسی سے بات چیت کیے۔ سورۃ ملک ۶ بار پڑھے، پھر دس روز تک ۶ بار سورۃ ملک کی مداومت جاری رکھتے ہوئے پھر ہر روز ۶ بار سورۃ ملک کا ورد جاری رکھے۔ اس عمل سے اس کی زکوۃ بھی ادا ہو جائے گی اور حاجت بھی پوری ہو جائے گی۔ اکیس روز کے بعد، بعد از نماز فجر ہمیشہ کے لئے ایک بار پڑھا کرے تاکہ زکوۃ کا عمل ٹوٹ نہ جائے۔

امتحان میں کامیابی

امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی کے لئے اپنی پڑھائی پر مکمل توجہ کے ساتھ ساتھ ذیل کا عمل بھی بے حد مفید ہے۔

امتحان کے دنوں میں نصف رات کے بعد باوضو حالت میں سورۃ ملک کا ورد ۲۶ بار اول آخر درود ۱۵۔ ۱۵ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے۔ اور سورۃ ملک کو سفید کاغذ پر نقش کی صورت میں لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر موم جامہ کرکے پہن

لے۔ یہ عمل اتنے روز کرنا ہے جتنے دن امتحانات کے لئے پرچہ کرنے جانا ہے۔

امتحان میں کامیابی کے بعد اس نقش کو اتار کر دریا میں بہادیں اور حسب توفیق شیرینی ہدیتاً تحفتاً حضور رسول کریم ﷺ کی نیاز دلوا کر بچوں میں تقسیم کردیں اور شکرانے کے دو نوافل بھی ادا کریں۔

آسیب زدہ کے لئے

کسی کو آسیب کا مرض ہو اور آسیب کسی صورت جان نہ چھوڑتا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

باوضو حالت میں سورۃ ملک کو ۴۱ بار پڑھ کر آسیب زدہ کے بائیں کان میں پھونک مارے اور پھر دوبارہ پڑھ کر اس کے دائیں کان میں پھونک مارے اور اس کے اوپر دم کرے۔ بعدہ سورہ ملک کے نقش کو کسی سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے لکھ کر خوشبو لگا کر اسے موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ اس مرض سے نجات مل جائے گی اور آسیب سے جان چھوٹ جائے گی۔

آسیب زدہ کے لئے

جس کسی کو آسیب ہو گیا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لئے بعد از نماز فجر اول وآخر درود ۱۳۔۱۳ بار، سورۃ ملک ۱۳ بار اور سورۃ ہائے معوذتین پانچ پانچ بار پڑھ کر اس کے دونوں کانوں میں پھونک لگائیں اور اس کے پورے وجود پر دم بھی کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۹ یوم کے عمل سے

آسیب کا اثر ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا اور مریض شفایاب ہو جائے گا۔

آسیب سے نجات

اگر کسی بچے کو آسیب ہو گیا ہو اور وہ کسی بھی طرح نہ جاتا ہو تو ایسی حالت میں ذیل کے عمل کے ذریعے اسے بھگایا جاسکتا ہے اور اس سے نجات کلیہ حاصل کی جاسکتی ہے۔

بعد از آفتاب طلوع کے ماش تھوڑی سی لے کر اس پر باوضو حالت میں سورۃ ملک ۱۳ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس ماش کو اس آگ میں جھونک دے جو بہت زیادہ دہکتی ہوئی ہو۔ بچے کو سامنے بٹھائے اور پھر بچے کے اوپر آسیب کے حاضر ہونے پر اس سے بات کرے اور اسے کہے کہ اس بچے کو چھوڑ کر چلا جائے ورنہ میں مسلسل اس عمل سے اسے جلا کر راکھ کر دوں گا۔ انشاء اللہ وہ اس بات سے گھبرا کر بھاگ جائے گا اور بچہ اس تکلیف سے ہمیشہ کے لئے نجات پا جائے گا۔

جن و پری سے نجات

جس کسی پر جن یا پری کا قبضہ ہو جائے اور وہ اس کو چھوڑنے کو تیار نہ ہوں بلکہ الٹا تکلیف پہنچاتے ہوں تو ایسے میں ذیل کا عمل کرنے سے ان کے قبضہ سے جان کو چھٹکارا حاصل ہو جاتا ہے۔

کافی زیادہ پانی لے کر اس پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سورۃ ملک ۶ بار پڑھ کر اور کسی کاغذ پر زعفران وگلاب سے لکھ کر اس پانی سے دھولیں اور دم

بھی کریں، پھر اس پانی میں سے تھوڑا سا پانی مریض پی لے اور بقیہ پانی سے غسل کرے۔ غسل کا پانی کسی صاف جگہ پر گرنا چاہیے جہاں جذب ہو جائے، نالی میں نہ بہائیں۔ انشاء اللہ ۶ دن کے عمل سے وہ جن، پری اس کے وجود سے بھاگ جائے گا اور پھر کبھی بھی ادھر کا رخ نہ کرے گا اور اس سے مکمل نجات حاصل ہو جائے گی۔

جنات سے نجات

اگر کسی پر جن کا سایہ ہو اور کسی بھی طریقے سے وہ جان نہ چھوڑتا ہو تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس کے لئے چینی کی طشتری پلیٹ لے کر اس پر باوضو حالت میں زعفران وگلاب سے سورۃ ملک کے نقش کو لکھ کر کنوئیں یا نل کے پانی سے دھو کر یہ پانی ایسے فرد کو پلائیں۔ اکتالیس روز کے اس عمل سے وہ جن پیچھا چھوڑ کر ہمیشہ کے لئے بھاگ جائے گا۔ سورۃ ملک کے نقش کو سفید کاغذ پر بھی لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں۔

چڑیل سے نجات

کسی پر ڈائن یا چڑیل کی نظر ہو تو اس کے دفعیہ کے لئے ذیل کا عمل نافع ہے۔ ایک بڑی چھڑی لے کر اس پر باوضو حالت میں ۱۵ بار سورۃ ملک بعد اول و آخر درود شریف ۱۵۔۱۵ بار پڑھ کر دم کر کے وہ چھڑی مریض کے سایہ میں گاڑ دیں۔ اس عمل سے مریض انشاء اللہ تعالیٰ اچھا ہو جائے گا۔

جادو سے نجات

کسی شخص پر اگر جادو یا سحر کا اثر ہو جائے اور اس کا اثر کسی طرح زائل نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مجرب ہے۔

اتوار کے دن بعد از نماز فجر باوضو حالت میں بیٹھ کر کسی سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے سورۃ ملک کے نقش کو بمعہ بسم اللہ شریف لکھیں اور اس کو پانی کی بوتل میں ڈال لیں اور اس پر سورۃ ملک ۸ بار پڑھ کر دم بھی کریں۔ اس پانی کو سحر زدہ کو دن رات میں ۸ مرتبہ روزانہ پلائیں۔ انشاء اللہ العزیز ۱۰ یوم کے اندر اندر ہر قسم کا جادو و سحر ختم ہو جائے گا اور سحر زدہ شفا پا جائے گا۔

سحر سے نجات

اگر کوئی سحر و جادو میں مبتلا ہو گیا ہو تو اس سے چھٹکارے کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے اس کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر کافی زیادہ پانی پر سورۃ ملک ۷ بار پڑھ کر دم کریں پھر اس میں سے قدرے سحر زدہ کو پلا کر بعد میں اس پانی سے پاک صاف جگہ پر غسل کروائیں بعد از غسل صاف پاک لباس پہنائیں اور اس کے ہاتھ سے قدرے شرینی بچوں میں تقسیم کروائیں زیادہ سے زیادہ تین یوم کے عمل سے جادو سحر کا اثر ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتا ہے اور سحر زدہ صحتیاب ہو جاتا ہے۔

جادو سے چھٹکارا

جس کسی پر سحر یا جادو کا اثر ہو تو اس کے اثر کو زائل کرنے کے لئے ذیل کا عمل نافع ہے۔

نئے چاند کی پہلی اتوار کو طلوع آفتاب کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر کسی سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے سورۃ ملک کے نقش کو لکھے اور اس کو پانی کی بوتل میں ڈال لیں اور اس پانی کو مریض کو دن میں کم از کم تین مرتبہ پلائیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے جادو سحر کا اثر دم توڑ دے گا اور مریض ہمیشہ کے لئے صحت یاب ہو جائے گا۔

نظر بد سے نجات

اگر کسی بچے کو نظر لگ گئی ہو اور اس کی بیماری اور تکلیف رفع نہ ہوتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل نافع اور مفید ہے۔

باوضو حالت میں ۷ مرتبہ سورۃ ملک بمعہ اول وآخر تین تین مرتبہ درود پڑھ کر بچے کو دم کریں، انشاء اللہ العزیز بچہ سات یوم کے عمل سے ہمیشہ کے لئے اس عمل کی بدولت نظر بد سے محفوظ ہو جائے گا۔

نظر بد سے بچاؤ

اگر کوئی بچہ نظر بد کا شکار ہو گیا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔ اس

کے لئے بعد از نماز مغرب ۵ مرتبہ سورۃ ملک بمعہ اول آخر درود ۳۔۳ بار پڑھ کر ۱۲ روز تک بچے کو دم کریں، انشاء اللہ بچہ نظر بد سے ہمیشہ کے لئے محفوظ و مامون ہو جائے گا اور پہلے سے ہوا اثر بھی بالکل ختم ہو جائے گا۔

فحش گوئی سے نجات

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ ہر قسم کے فسق و فجور سے محفوظ رہے تو اس کے لئے ہر روز بعد نماز عصر قبلہ رخ برہنہ سر کھڑے ہو کر اول وآخر درود ۱۱ مرتبہ اور درمیان میں سورۃ ملک ۴ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ بفضل تعالیٰ وہ حفاظت الٰہی میں رہے گا اور فسق و فجور سے ہمیشہ کے لئے بچا رہے گا۔

شراب سے نجات

جو شخص بلانوش شرابی ہو اور اس عمل کو چھوڑنے پر تیار نہ ہو یا کوئی اس بات کا خواہش مند ہو کہ اس کا عزیز اس سے توبہ کرے اور شراب نوشی چھوڑ دے تاکہ گھر میں امن وسکون ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے اول وآخر درود شریف ۱۲۔۱۲ مرتبہ، سورۃ فاتحہ ۱۶ بار، سورۃ اخلاص ۱۲ بار، سورۃ جمعہ ۲ بار، سورۃ رحمٰن ۲ بار، سورۃ ملک ۳ بار پڑھ کر مٹھائی پر دم کریں یا پانی پر دم کریں اور اس کو مطلوبہ شخص کو اس وقت پانی یا مٹھائی کھلائیں پلائیں جب اس کا نشہ اتر چکا ہو۔ انشاء اللہ اس عمل سے روز بروز اس کا نشہ ختم ہوتا جائے گا۔ ۴۰ دن کے عمل سے اسے شراب نوشی کے فعل سے مکمل نجات مل جائے گی۔

ہیروئن سے نجات

اگر کوئی شخص نشہ ہیروئن کی لعنت میں مبتلا ہو اور اس سے کسی بھی طریقہ سے چھٹکارانہ حاصل کر سکتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل کرنے سے وہ اس نشہ سے ہمیشہ کے لئے تائب ہو جائے گا اور پھر کبھی بھی اس کی طرف رخ نہیں کرے گا۔

ہفتے میں تین دن پیر، جمعرات اور جمعہ کو بعد از نماز عشاء بہ خلوص نیت سے پانی یا شیرینی پر سورۃ فاتحہ ۱۰ بار، سورۃ اخلاص ۶ بار، سورۃ جمعہ ۵ بار، سورۃ رحمٰن ۵ بار اور سورۃ ملک ۶ بار اول وآخر درود ۱۵۔ ۱۵ بار پڑھ کر دم کریں اور جب متعلقہ شخص نشے کی حالت سے باہر ہو، اس وقت شیرینی یا پانی کھلا اور پلا دیں۔ اس عمل کو نوے دن یا چالیس دن تک مسلسل کرنا ضروری ہے۔

زنا سے نجات

اگر کوئی زنا جیسی عادت میں مبتلا ہو گیا ہو اور باوجو سمجھانے بجھانے اور ہر قسم کے حربہ کو اختیار کرنے کے وہ اس قبیح فعل سے باز نہ آتا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مجرب ہے۔

۲۱ دن کا عمل اس طریقے سے شروع کریں کہ نئے چاند سے ۲۱ دن پیر، جمعرات اور جمعہ کو بعد از نماز عشاء پانی یا مٹھائی لے کر اس پر سب سے پہلے سورۃ فاتحہ ۱۰ مرتبہ، پھر سورۃ اخلاص ۶ مرتبہ، پھر سورۃ جمعہ ۵ مرتبہ، پھر سورۃ رحمٰن ۵ مرتبہ، پھر سورہ ملک ۶ مرتبہ اول وآخر درود ۱۵ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ جب

زانی گھر آجائے اور غسل سے فارغ ہو کر پاک صاف ہو جائے تو اس کو یہ پانی یا مٹھائی کسی نہ کسی بہانے سے پلایا کھلا دیا کریں۔ اس عمل کے دوران ہی اس کا دل خود بخود زنا جیسے برے فعل سے متنفر سا ہونا شروع ہو جائے گا اور عمل مذکور کی مدت تک مکمل تائب ہو جائے گا اور پھر زندگی بھر اس عادت بد میں مبتلا نہیں ہو گا۔

جوئے سے نجات

جو کوئی جوئے بازی کی لت میں مبتلا ہو گیا ہو اور کسی بھی طرح اس سے باز نہ آتا ہو اور اس میں اپنی دولت لٹا بیٹھا ہو یا بے دریغ لٹا رہا ہو تو اس کو اس عمل سے باز رکھنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے ہفتے میں تین دن پیر، جمعرات اور جمعہ بعد از نماز عشاء خلوص نیت سے عمل شروع کریں اور شیرینی تھوڑی سی لے کر اس پر اول وآخر درود شریف ۱۰ مرتبہ، سورۃ فاتحہ ۷ مرتبہ۔ سورۃ اخلاص ۵ مرتبہ، سورۃ جمعہ ۴ مرتبہ، سورۃ رحمٰن ۴ مرتبہ، سورۃ ملک ۵ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس مٹھائی کو جوئے باز کو کھلا دیا کریں۔ انشاء اللہ ۱۱ دن کے عمل سے جوئے باز جوا کھیلنے سے ہمیشہ کے لئے تائب ہو جائے گا اور پھر اس کا کبھی نام بھی زبان پر نہ لائے گا

لاعلاج بیماری کے لئے

جو کسی ایسے مرض میں مبتلا ہو جس کا بظاہر کوئی علاج نہ ہو ڈاکٹر اور حکیم جواب دے چکے ہوں اور کوئی موہوم امید باقی نہ ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے

حد موثر ہے اس سے ماسوائے موت کے مکمل شفایابی مریض کو حاصل ہو جائے گی لیکن ذرا تحمل مزاجی سے کام کرنا پڑے گا۔

اس کے لئے باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے چینی کی پلیٹ پر نقش سورۃ ملک بمعہ بسم اللہ لکھ کر پانی سے دھو لیں اور اس پانی پر ۸ مرتبہ سورۃ ملک پڑھ کر دم کر لیں اور یہ پانی روزانہ وقفے وقفے سے مریض کو پلائیں اس کے علاوہ ایک سفید کاغذ پر سورۃ ملک کا نقش زعفران و گلاب سے لکھ کر اسے خوشبو لگا کر اور پر ۸ بار سورۃ ملک بمعہ اول و آخر درود ۱۷، ۱۷ بار پڑھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں پہنا دیں۔ انشاء اللہ اس عمل سے مریض کے مرض میں کمی ہونا شروع ہو جائے گی اور بہت جلد وہ مکمل صحت یاب ہو جائے گا۔ مکمل صحت یابی کے بعد حسب توفیق رسول کریم ﷺ کے نام کا نیاز دلوا کر بچوں میں تقسیم کر دیں۔

وبائی امراض سے نجات

جس علاقے میں وبائی امراض پھیل رہے ہوں، ان سے بچنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر کسی سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے سورۃ ملک کے نقش کو لکھے۔ ساتھ ہی بسم اللہ شریف بھی لکھے، پھر اس کاغذ کو اپنے گھر کے بڑے دروازے کے اوپر لٹکا دے یا چسپاں کر دے۔ اس کے علاوہ ہر روز ۶ مرتبہ سورۃ ملک پڑھ کر پانی پر دم کر کے گھر کے تمام افراد اس کا پانی بھی استعمال میں لائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت وہ اور

اس کے گھر والے ہر لحاظ سے اس وبائی مرض سے محفوظ رہیں گے۔

جسمانی درد سے نجات

اگر کسی کو جسم کے کسی حصے میں درد کا سامنا ہو اور اس کی وجہ سے تکلیف میں مبتلا ہو تو ایسے میں دوسرا شخص باوضو حالت میں جسم کے اس حصے پر چاروں طرف خط کھینچے۔ پھر ۶ مرتبہ سورۃ ملک پڑھ کر دم کرے، انشاء اللہ اس عمل سے درد میں فوری افاقہ ہوگا اور ۶ بار کے اس عمل سے درد سے مکمل نجات مل جائے گی۔

جسمانی درد سے بچاؤ

جس کسی کے وجود میں ہر وقت درد رہتا ہو، اور ادویات و مالشوں سے آرام نہ آتا ہو یا وقتی آرام آ کر پھر ہو جاتا ہو تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے سرسوں یا تلوں کا تیل لے کر اس پر اول درود شریف سورۃ ملک ۵۱ بار پڑھ کر دم کریں، جس جگہ پر بدن میں درد ہو، وہاں اس پر تیل کی مالش کریں۔ چند بار کی مالش سے اس درد سے ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گی۔

دردِ سر سے نجات

سر کے درد کی صورت میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

ایسی صورت میں باوضو حالت میں بسم اللہ شریف ۳۰ بار اور سورۃ ملک تین بار سر کو پکڑ کر دم کریں۔ اس سے سر درد فوری دور ہو جائے گا۔

قوت حافظہ کے لئے

جس کا حافظہ کمزور اور بھول جانے کی عادت ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل کرنے سے حافظہ درست ہو جاتا ہے اور یادداشت تیز ہو جاتی ہے۔ اس کے لئے ہر روز بعد از نماز فجر ۱۰ بار سورۃ ملک پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کرے اور اپنے اوپر دم بھی کریں۔

یادداشت کی درستگی

اگر کسی کی یادداشت میں خرابی ہو گئی ہو اور وہ بات کو یاد رکھنے کی بجائے بھول جاتا ہو، تو اس کے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

ہر روز بعد از نماز فجر قبلہ رخ بیٹھ کر سورۃ ملک ۹ بار اول و آخر درود ۹۔۹ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے نہار منہ پانی پی لے۔ اس طرح یہ عمل ۱۵ روز تک بلا ناغہ کرے۔ اس سے پہلے اس کی یادداشت درست ہو جائے گی اور وہ کبھی بھی کوئی بات بھول نہ پائے گا۔

کند ذہنی کے لئے

جس طالب علم کو کند ذہنی کا سامنا ہو اور اس کی یادداشت بے انتہا کمزور ہو اور اس وجہ سے وہ اپنا سبق یاد نہ رکھ سکتا ہو تو اس طالب علم کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے بعد از نماز سورۃ ملک ۷ مرتبہ اول و آخر درود ۵۔۵ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے اور سورۃ ملک کے نقش کو کسی سفید کاغذ پر باوضو حالت میں تین بار لکھ کر موم جامہ کر کے سیدھے بازو پر باندھے۔

انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس کی یادداشت بہت تیز ہو جائے گی اور کمزور ذہنی کا مرض جلد ہی ختم ہو جائے گا اور اس عمل کو کم از کم چالیس روز بلا ناغہ کرے۔

حفظ قرآن کے لئے

جس بچے یا بڑے کو قرآن شریف حفظ کرنے میں دقت در پیش ہو اور باوجود ہمت و کوشش کے وہ قرآن شریف حفظ نہ کر پا رہا ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے وہ ہر نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ سورۃ ملک کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ اس کی برکت سے بہت جلد وہ حافظ قرآن بن جائے گا اور اس کا حافظہ بھی بہت تیز ہو جائے گا۔

جنون سے بچاؤ

جو شخص حالت جنون میں مبتلا ہو گیا ہو اور وقفے وقفے سے اس پر جنون کے دورے پڑتے ہوں تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے چینی کی بڑی پلیٹ پر باوضو حالت میں سورۃ ملک کے نقش کو بمعہ

بسم اللہ شریف زعفران وگلاب سے لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں اور ۵ بار سورۃ ملک اور ۱۰ ابار درود شریف بھی پڑھ کر اسے دم کریں۔ ۲۱ روز بلاناغہ اس عمل سے انشاء اللہ جنون سے مکمل چھٹکارا حاصل ہو جائے گا اور کوئی تکلیف باقی نہ رہے گی۔

پاگل پن سے چھٹکارا

پاگل افراد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے اس کے لئے تحمل مزاجی اور بڑے حوصلے کی ضرورت ہے۔ اس کے لئے باوضو حالت میں ۲۷ مرتبہ سورۃ ملک پانی دم کر کے روزانہ پلائیں اور اول و آخر درود ۱۴۔ ۱۴ مرتبہ پڑھیں پھر اس پانی کے چھینٹے دن میں ۶ بار اس پر ماریں ۲۷ یوم کے عمل سے پاگل پن کے آثار کافی حد تک معدوم ہو جائیں گے اور دورے پڑنے بند ہو جائیں گے لیکن عمل پیہم سے رفتہ رفتہ اس مرض سے مکمل نجات مل جائے گی ہو سکے تو اس کے ماتھے کے عین درمیان ۹ بار پھونک بھی مارا کریں بفضل تعالیٰ مریض شفایاب ہو جائے گا۔

بخار سے نجات

جو مریض بخار میں مبتلا ہو اور بخار اتر نہ رہا ہو، تو ایسے میں ذیل کا عمل مفید ہے۔ باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ۵ مرتبہ سورۃ ملک بمعہ اول و آخر درود ۱۰۔ ۱۰ بار پڑھ کر پانی دم کر کے بنالیں۔ مریض کو دن میں تھوڑے تھوڑے وقفے سے دو دو گھونٹ پانی پلائیں۔ اس عمل سے مریض کا بخار اتر جائے گا۔ تین دن کے عمل سے مریض مکمل شفایاب ہو جائے گا۔

شدید بخار سے نجات

جس کسی کو بخار شدید ہو گیا ہو اور اس کا درجہ حرارت 105 فارن ہائیٹ درجے تک پہنچ گیا ہو تو ایسی حالت میں باوضو ہو کر ۵ مرتبہ سورۃ ملک پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس پانی کے چھینٹے مریض کے منہ پر ماریں اور تھوڑا تھوڑا پانی مریض کو وقفے وقفے سے پلائیں انشاء اللہ اس عمل سے بخار اتر جائے گا اور مریض شفایاب ہو جائے گا۔

تپ لرزا سے نجات

جس کسی کو تپ لرزہ ہو گیا ہو اور آرام نہ آتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

۱۰ مرتبہ سورۃ ملک باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر پڑھیں۔ اول و آخر درود ۱۰۔ ۱۰ مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے وہ پانی دو دو گھونٹ مریض کو دن میں وقفے وقفے سے پلائیں۔ انشاء اللہ تین دن کے عمل میں تپ لرزہ ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا اور مریض صحتیاب ہو جائے گا۔

ملیریا سے نجات

جس کسی کو جاڑا بخار آتا ہو تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے سورۃ ملک باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران وگلاب سے لکھے

کسی سفید کاغذ پر لکھ کر شیشے کی سرخ رنگ کی بوتل میں پانی لے کر اس میں کاغذ کو بھگو دیں اور اس کے پانی کو دن میں ۶ مرتبہ پلانے سے مکمل شفا حاصل ہو جائے گی۔

باری بخار سے نجات

جس کسی کو باری کے بخار کی شکایت ہو اور باوجود یکہ علاج معالجہ کے بخار سے نجات نہ ملتی ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے ایک کالی ڈوری لے کر اس پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سورۃ ملک ۹ مرتبہ، سورۃ اخلاص ۵ مرتبہ، آیت الکرسی ۲ مرتبہ، سورۃ ملک ۵ مرتبہ، یَاحَفِیظُ ۲۸ مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ لگائیں اور پانی بھی پاس رکھیں۔ پانی پر دم کریں۔ اس طریقہ سے یہ عمل سات بار کر کے سات گرہیں لگائیں اور سات بار پانی پر دم کریں۔ اول و آخر درود ۱۰-۱۰ بار پڑھیں۔ پانی وقفے وقفے سے مریض کو پلائیں اور ڈوری مریض کے گلے میں پہنا دیں۔ انشاء اللہ باری کا بخار فوری اتر جائے گا اور پھر نہیں چڑھے گا۔ مکمل آرام کے لئے پانی کا عمل سات یوم تک مسلسل کریں۔ بعد از شفا حسب توفیق شیرینی نیاز رسول کریم ﷺ کر کے بچوں میں تقسیم کر دیں۔

آنکھوں کی بیماری

جس شخص کی آنکھ دکھنے لگے تو اس پر تین دن تین مرتبہ سورۃ ملک پڑھ کر دم کرے تو بفضل تعالیٰ مریض صحت پائے (درالنظیم)۔

ہکلاہٹ سے نجات

جو کوئی توتلا یا ہکلے پن کا شکار ہو گیا ہو اور کسی بھی طرح اسے آرام نہ آتا ہو تو ذیل کا عمل اس کے لئے بے حد مفید رہتا ہے۔

اس کے لئے وہ ہر روز بعد از نماز عشاء ۵ بار سورۃ ملک بمعہ اول و آخر درود ۱۰-۱۰ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس کا پانی بچے کو پلائے اور ساتھ ہی بچے پر بھی دم کرے۔ انشاء اللہ گیارہ یوم کے اندر اندر اس مرض سے چھٹکارا مل جائے گا اور یہ شکایت ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گی۔

قوت گویائی کے لئے

اگر کسی کی قوت گویائی ختم ہو گئی ہو یا کسی وجہ سے انتہائی کم ہو گئی ہو اور بولنے میں دقت کا سامنا ہوتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد موثر ہے۔

اس کے لئے ہر روز بعد نماز عشاء سورۃ ملک ۱۱ مرتبہ پھر اول و آخر درود پاک ۱۶-۱۶ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور پانی پر بھی دم کر کے پلائے انشاء اللہ ۸ دن کے عمل مسلسل سے قوت گویائی بحال ہو جائے گی اور گلے کی خرابی دور ہو جائے گی اور مکمل شفایابی حاصل ہو گی۔

زہر سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص نے کسی کو زہر یا شیر کی مونچھ کا بال وغیرہ کھلا دیا ہو اور اس کی

وجہ سے وہ شخص تکلیف میں مبتلا ہو، ذیل کا عمل بہت ہی نافع ہے۔

تھوڑی سی شیرینی لے کر اس پر ۶ بار سورہ ملک پڑھ کر دم کر کے اسے کھلائیں۔ بفضل اللہ اس عمل کی برکت سے ساری تکلیف رفع ہو جائے گی، زہر کا اور مونچھ کا بال جسم سے خارج ہو جائے گا۔

درد گردن کے لئے

جس کسی کی گردن میں کسی خرابی کی وجہ سے یا ویسے ہی موسم کی وجہ سے درد اور تکلیف لاحق ہوگئی ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

بعد از نماز فجر باوضو حالت میں سورۃ ملک ۸ بار اول و آخر درود شریف ۱۷۔۱۷ بار پڑھ کر گردن پر دم کریں اور سورۃ ملک نقش کو کسی سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے لکھ کر موم جامہ کر کے گردن کے زیادہ تکلیف دہ حصے کی طرف باندھ دیں۔ انشاءاللہ پانچ یوم کے عمل سے گردن کی مذکورہ تکلیف ختم ہو جائے گی اور دوبارہ ایسی شکایت نہ ہوگی۔

لقوہ سے نجات

اگر کسی کو لقوہ کا مرض ہوگیا ہو اور اس کے علاج معالجے کے باوجود بھی آرام نہ آتا ہو اور اس کے چہرے کی شکل بدستور بگڑی رہے تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لئے لازم ہے کہ باوضو حالت میں سرسوں، تلوں یا روغن زیتون کو

لے کر اس پر سورۃ ملک ۹ مرتبہ، سورۃ یٰسین ۷ مرتبہ اور سورۃ جمعہ ۸ مرتبہ اور درود پاک ۱۴ مرتبہ اول و آخر مرتبہ پڑھ اور اس کے تیل یا روغن کو دم کر لے اور پھر اس سے قدرے تیل لے کر متاثرہ جسم پر آہستہ آہستہ مالش کریں اور ساتھ ساتھ درود شفاء بھی پڑھ کر دم کرتے رہیں۔ اس سے مریض کو افاقہ ہو جائے گا چند دنوں کے عمل سے مریض شفایاب ہو جائے گا اور اس مرض سے مکمل نجات مل جائے گی۔

فالج سے نجات

اگر کسی کو فالج کا حملہ لاحق ہو گیا ہو تو اس کے علاج کے لئے ذیل کا عمل کارگر ہے۔

بعد از نماز فجر سورۃ ملک ۹ بار، سورۃ یٰسین ۷ بار، سورۃ جمعہ ۸ بار اول و آخر درود ۱۴۔۱۴ بار پڑھ کر روغن زیتون پر دم کرے اور اس روغن زیتون سے سارے جسم کی مالش روزانہ کیا کریں۔ ہو سکے تو زیر استعمال دوا بھی دم کر کے کھلایا کریں۔ انشاءاللہ اس عمل سے دن بدن فالج زدہ حصوں میں قوت و توانائی آتی چلی جائے گی اور تھوڑے عرصے میں مریض صحت یاب ہو جائے گا اور شفائے کاملہ پائے گا۔

درد کمر کے لئے

جس کسی کی کمر میں شدید درد رہتا ہو اور کسی صورت آرام نہ آتا ہو تو ذیل کا عمل نافع ہے۔

باوضو حالت میں سورۃ ملک ۱۲ بار پڑھ کر اس کی کمر پر دم کریں۔ کمر درد کو فوری آرام آجائے گا۔ شدید سے شدید درد بھی تین بار کے عمل سے ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتا ہے۔

درد پیٹ کے لئے

جس کسی کے پیٹ میں شدید درد رہتا ہو، اور دواؤں اور علاج معالجہ سے آرام نہ آتا ہو تو ایسی صورت میں ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں سورۃ ملک ۴ مرتبہ اور ۴ مرتبہ اول و آخر درود شفا اور اکیس مرتبہ ذیل کی دعا پڑھ کر پانی کی بوتل لے کر پانی پر دم کریں۔ اس پانی کو مریض دن میں دو دو گھونٹ کر کے وقفے وقفے سے استعمال کرے۔ انشاء اللہ اس عمل سے درد کی شدت اور تکلیف آہستہ آہستہ کم ہو کر معدوم ہو جائے گی اور تین دن کے مسلسل عمل سے اس تکلیف سے ہمیشہ کے لئے نجات حاصل ہو جائے گی۔ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْبَاسِطُ وَاَنَا الْمَبْسُوْطُ فَمِنْ بَدعُ الْمَبْسُوْطُ اِلاَّ الْبَاسِطُ یَااَللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَااللّٰہُ۔

پیٹ کی خرابی کے لئے

اگر کسی کا پیٹ کسی وجہ سے یا کسی دوائی کے اثر سے خراب ہو گیا ہو اور آرام نہ آتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں زعفران و گلاب سے چینی کی بڑی پلیٹ میں سورۃ ملک لکھ کر اس کو خالص شہد کے شربت میں دھولیں اور اس شربت کو کسی بوتل میں محفوظ کر لیں اور اس بوتل کے شربت کو وقفے وقفے سے دن میں کئی بار استعمال کریں۔ پہلے دن کے استعمال سے ہی پیٹ کی تکلیف میں افاقہ ہوگا۔ سات روز کے مسلسل عمل سے پیٹ کی جملہ تکلیف ہمیشہ کے لئے رفع ہو جائے گی اور بفضل اللہ تعالیٰ شفاء کاملہ نصیب ہوگی۔

جوڑوں کا درد

جس کسی کے جوڑوں میں درد کی شکایت ہو اور باوجود یکہ علاج معالجے کے آرام نہ آتا ہو۔ تو روغن زیتون لے کر اس پر ۲۱ مرتبہ سورۃ ملک بمعہ اول و آخر درود ۲۱۔۲۱ بار پڑھ کر روغن زیتون پر دم کریں اور روزانہ دم کیا ہوا روغن زیتون کی مالش درد والی جگہوں پر کیا کریں انشاء اللہ اس عمل سے روز بروز مرض میں افاقہ ہو جائے گا اور کچھ عرصے میں ہی اس مرض سے شفا کامل مل جائے گی۔

نامردی سے نجات

جو کوئی شخص نامردی کا شکار ہو گیا ہو، خواہ اس کی وجوہات کچھ بھی ہوں، اور قوت باہ کمزور ہو گئی ہو اور اسے شرمساری کا سامنا کرنا پڑتا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز بعد از نماز عشاء تازہ وضو کر کے ۱۸ مرتبہ سورۃ

ملک پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے پھر اول وآخر درود ۱۶۔۱۶ بار بھی پڑھ کر دم کرے اور پھر پانی پر بھی دم کر لے، ایک مرتبہ دم کیا ہوا پانی چوبیس گھنٹوں میں استعمال کرے، ۷ یوم تک یہ عمل بلاناغہ جاری رکھے۔ انشاءاللہ قوت باہ بھی قوی اور عجب تاثیر والی ہو جائے گی اور اس کی وجہ سے شرمساری سے نجات مل جائے گی۔

سنگ گردہ کے لئے

جس کسی کو سنگ مثانہ وگردہ کی شکایت ہوگئی ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے بعد از نماز فجر چینی کی بڑی پلیٹ پر سورہ ملک کا نقش بمعہ بسم اللہ شریف زعفران وگلاب سے لکھے، پھر اس کو تازہ پانی سے دھو کر کسی بوتل میں پانی کو بھرے اور اس پر اول وآخر درود شفاء ایک سو بار اور سورہ ملک گیارہ بار پڑھ کر دم کرے اور اس پانی کو نہار منہ چار گھونٹ پانی یا شافی بحرمت سورۃ ملک پڑھ کر پی لیا کرے اور یہی عمل رات کو سوتے وقت کیا کرے۔ انشاءاللہ چند یوم کے عمل سے سنگ مثانہ یا گردہ ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستے خارج ہو جائے گا۔

درد مثانہ کے لئے

مثانے میں کسی بھی قسم کی تکلیف ہو جائے اور شدید درد ہوتا ہو تو اس کے ازالہ کے لئے لازم ہے کہ باوضو حالت میں سورۃ ملک ۳ مرتبہ اور اول وآخر درود شریف ۱۰۔۱۰ مرتبہ پڑھ کر پانی کی بوتل بنالیں اور اس پانی کو مریض دن میں

وقفے وقفے سے دو دو گھونٹ یا شافی کہہ کر استعمال کرے، انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت مثانہ کی تکلیف و درد رفع ہو جائے گی۔ چند یوم کے مسلسل عمل سے یہ شکایت ہمیشہ ہمیشہ کے لئے دور ہو جائے گی۔

جریان سے نجات

جس کسی کو جریان کا مرض ہو تو اس کے لئے لازم ہے کہ ذیل کا عمل کرے اس کے لئے بارش کا پانی یا بہ امر مجبوری کسی کنویں کا پانی لے کر اس پر سورۃ ملک ۶ بار بمعہ اول آخر درود ۱۵۔۱۵ بار پڑھ کر دم کرلیں اور یہ پانی روزانہ مریض کو صبح دوپہر شام پلایا کریں۔ انشاءاللہ اس عمل سے بہت جلد مریض اس موذی مرض سے نجات پا جائے گا اور صحت یاب ہو جائے گا۔

سوزاک سے نجات

جو کوئی اس نامراد مرض میں مبتلا ہو اور ادویات سے آرام نہ پاتا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

باوضو حالت میں سورۃ ملک ۷ مرتبہ بارش کا پانی پر بہ امر مجبوری پاک پانی پر پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دن میں کئی بار پلائیں۔ سات یوم کے بلاناغہ عمل سے انشاءاللہ یہ مرض ختم ہو جائے گا اور شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

اسقاط حمل کے لئے

جس عورت کا حمل بار بار ساقط ہو جاتا ہو، تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ۹ بار سورۃ ملک اول و آخر ۱۴-۱۴ بار درود قند سیاہ پر دم کر کے کھلائیں۔ انشاء اللہ تین بار کے اس عمل سے حمل کبھی بھی ساقط نہ ہوگا اور قائم رہے گا۔

استخارہ اولاد کے لئے

اگر کسی بے اولاد عورت کے متعلق یہ جاننا ضروری ہو کہ آیا اس کی قسمت میں اولاد ہے یا نہیں۔ تو اس کے لئے ذیل کا عمل کرنے سے اس بات کا علم ہو جائے گا۔

شوہر باوضو حالت میں ۹ مرتبہ سورۃ ملک پڑھ کر دودھ پر دم کرے لیکن یہ عمل اس وقت کریں جب عورت حیض سے پاک صاف ہو گئی ہو۔ اس کے بعد وہ عورت روزہ رکھے اور اس دودھ سے افطار کرے اگر دودھ ہضم ہو گیا تو پھر عورت کے رحم میں کوئی نقص ہے اس کا علاج کروائیں اور اگر دودھ قے کی صورت میں باہر نکل جائے تو وہ عورت اولاد کی نعمت سے محروم رہے گی۔

بانجھ پن کے لئے

جو کوئی اولاد سے محروم ہو اور کسی بھی بیماری یا سحر و جادو کی وجہ سے اس کے ہاں

اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ اولاد کا آرزومند ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس کے لئے ایک کلوگرام تل سیاہ لے کر ان کو صاف کرے اور پھر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر اول و آخر درود ۱۴ مرتبہ پھر سورۃ ملک ۹ بار پڑھ کر دم کرے اور عورت ان کو ۲۴ دن استعمال کرے، پھر جب حیض سے عورت پاک ہو کر غسل کرے۔ تب وہ ایک روز روزہ رکھے اور افطاری سے پہلے گائے کے دودھ سے روزہ افطار کرے اور رات کے وقت اپنے خاوند سے ہم بستری کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے حمل ٹھہر جائے گا اور اللہ تعالیٰ اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمادے گا۔ اگر پہلے ماہ حمل نہ ہو تو زیادہ سے زیادہ ۲۷ دن اس عمل کی بدولت مراد بفضل تعالیٰ پوری ہو جائے گی۔

بانجھ پن کے لئے

جو عورت بانجھ پن کا شکار ہو، اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے بعد از نماز فجر ۶ مرتبہ سورۃ یٰسین ۸ مرتبہ سورۃ ملک اول و آخر درود شریف ۱۷-۱۷ مرتبہ، پھر نماز مغرب اور نماز عشاء کے بعد تین تین مرتبہ یہی عمل کر کے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ اکتالیس یوم کے عمل سے مالک ارض و سماء مراد پوری کریں گے۔

بانجھ پن کے لئے

اگر کوئی عورت بانجھ ہو یا کسی وجہ سے اس کے رحم میں کوئی خرابی ہو گئی ہو

اور ادویات سے علاج کے باوجود صحت حاصل نہ ہو اور اولاد پیدا کرنے سے محروم ہو اور اولاد کی شدید خواہش رکھتی ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل انتہائی سریع التاثیر ثابت ہوا ہے۔

اس کے لئے لازم ہے کہ ایک کلوگرام سیاہ تل لے کر ان کو اچھی طرح صاف کریں اور ان پر باوضو حالت میں ۶ مرتبہ سورۃ یٰسین اس طرح دم کریں کہ اول و آخر درود ۷ بار پڑھیں۔ عورت کو دم کئے ہوئے تل دیں۔ وہ ان کو روزانہ استعمال میں لائے پھر جب عورت حیض سے پاک صاف ہو جائے تو اگلے دن روزہ رکھے اور افطاری سے پہلے گائے کے خالص دودھ پر ۷ مرتبہ سورۃ ملک بمعہ اول و آخر درود ۱۷ بار پڑھ کر دم کرے اور اس دم کئے ہوئے دودھ سے روزہ افطار کرے اور رات کے وقت اپنے شوہر سے ہم بستری کرے۔ بفضل باری تعالیٰ حمل قرار پا جائے گا اور اللہ تعالیٰ اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمائیں گے اور جملہ تکالیف سے بھی عورت محفوظ و مامون رہے گی۔

بانجھ پن کے لئے

جو عورت بانجھ پن کا شکار ہو، اور اولاد کی خواہش بھی رکھتی ہو تو اس کے لئے بے حد مفید ہے۔ اس کے لئے کسی بوتل میں پانی لیں اور باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر چینی کی پلیٹ پر زعفران اور گلاب سے سورۃ ملک کے نقش کو لکھیں اور اس پانی سے دھو کر بوتل میں رکھ لیں۔ وہ عورت اس پانی کو روزانہ دن رات میں کم از کم ۱۲ مرتبہ پیا کرے۔ سات روز کے اس عمل سے اس کے اندر بانجھ

پن کی خرابی دور ہو جائے گی اور وہ عورت تندرست و صحت یاب ہو کر اپنے خاوند سے ہم بستری کرے۔ بفضل تعالیٰ حاملہ ہو گی اور صحت مند بچے کی ماں بنے گی۔ ساتھ ہی اس عورت پر سورۃ ملک کا اکیس مرتبہ پڑھ کر دم بھی کیا کرے۔ یہ عمل اکیس روز تک کیا جائے۔

صالح اولاد کے لئے

جن کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ اولاد صالح کے خواہش مند ہوں تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

نئے چاند میں کسی نیک دن کا انتخاب کریں، بہتر ہے پیر کے روز یہ عمل کریں میاں اور بیوی پاک صاف ہو کر روزہ رکھیں۔ افطار سے پہلے دونوں غسل کریں اور سورۃ ملک ۲۷ مرتبہ بمعہ اول و آخر ۱۴ بار درود پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے اس سے دونوں روزہ افطار کریں اور رات کو ہم بستر ہوں یا سات دن تک یہ عمل کریں۔ اس کے بعد رات کو ہر روز ہم بستری کریں۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے حمل ضرور قائم ہو گا اور فرزند صالح پیدا ہو گا۔

بانجھ پن کے لئے

جس کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو اور حمل ٹھہر کر ساقط ہو جاتا ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا پیران پیر دستگیر کا بخشا ہوا عمل انتہائی مفید اور نافع ہے۔

اس کے لئے اکتالیس تار کچے نیلے سوت کے لیں۔ ان پر اول و آخر درود

شریف ۵-۵ بار پڑھ کر دم کریں، پھر ۱۵ بار آیت الکرسی پڑھ کر دم کر کے پہلے اور آخری سرے پر گرہ لگادے۔ بعد سورۃ رحمٰن بمعہ بسم اللہ شریف شروع کرے اور ہر بار فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پر ایک گرہ لگادے۔ اس طرح اکتالیس گرہیں لگ جائیں گی، پھر اس پر سورۃ ملک بمعہ بسم اللہ شریف اکتالیس بار پڑھ کر دم کر کے باری باری اکتالیس گرہیں لگادے۔ جب یہ گنڈہ تیار ہو جائے تو گیارہ روپیہ کی شیرینی لاکر اس پر جناب غوث اعظمؒ کی فاتحہ دلا کر اس گنڈہ کو جب عورت حیض سے فارغ ہو، بعد غسل کے عورت کی کمر سے باندھ دے۔ انشاءاللہ اولاد ضرور پیدا ہوگی اور بفضل تعالیٰ عورت کا حمل قائم رہے گا۔

اولاد نرینہ کے لئے

اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل کرنے سے اولاد نرینہ سے اللہ تعالیٰ نوازیں گے۔

جب عورت حیض سے پاک ہو کر غسل کرے، دن کو روزہ رکھے اور پانی پر ۹ بار سورۃ ملک پڑھ کر دم کرے اور اس پانی سے روزہ افطار کرے اور رات کو اپنے خاوند سے ہم بستری کرے۔ انشاءاللہ ۹ روز کے عمل مسلسل سے اسے حمل ٹھہر جائے گا اور اولاد نرینہ سے اللہ تعالیٰ نوازیں گے۔

فرزند صالح کے لئے

جس عورت کے ہاں کسی بیماری کی وجہ سے رحم کی خرابی پیدا ہوگئی ہو، اور

اولاد نہ ہوتی ہو، اور وہ نیک اور صالح فرزند چاہتی ہو تو ایسی حالت میں سورۃ ملک کا نقش بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لئے چاند کی پہلی تاریخ سے سات کے درمیان کسی بھی دن سورۃ ملک کا نقش کاغذ پر زعفران وگلاب سے لکھے اور اس پر سورۃ ملک ۲۸ مرتبہ بمعہ اول وآخر درود ۳۱ مرتبہ دم کرلے اور اس کو کسی پانی کی بوتل میں ڈال لے اور اس پانی کو روزانہ ۹ مرتبہ استعمال کرے۔ یہ عمل کم از کم ۹ روز ہر نئے چاند سے شروع کر کے کرے اور تین ماہ تک مسلسل اس عمل کو جاری رکھے۔ اس کے ساتھ ہی سورۃ ملک کو بمعہ درود ۳۱ مرتبہ پڑھ کر اپنے پیٹ پر دم کیا کرے۔ بفضل تعالیٰ اس عمل سے رحم کی خرابی دور ہو جائے گی اور نیک اولاد اس کے ہاں پیدا ہوگی۔

اولاد نرینہ کے لئے

جس کسی کے ہاں صرف لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں اور بیٹے کی شدید خواہش اور طلب ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

۹ دن تک برابر ۹ بار سورۃ ملک روزانہ پڑھ کر قدرے شرینی پر دم کرے اور ۹ روز تک روزانہ وہ شیرینی عورت کو کھلائے، بعد از ۹ یوم عورت اپنے خاوند سے ہم بستری کرے۔ انشاءاللہ العزیز اس عمل کی بدولت اس کے ہاں بیٹا ہی پیدا ہوگا۔

سوکھا پن کے لئے

جس بچے کو سوکھے پن کی بیماری ہو گئی ہو اور کسی بھی علاج سے آرام نہ آتا

ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کے بعد از نماز فجر آب زمزم یا بہ امر مجبوری سادہ پانی لے کر بسم اللہ شریف ۱۲ بار سورۃ ملک گیارہ بار اَللّٰہُ شافی گیارہ بار ھو الشافی بِحق لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحمدٌ رَّسُوْلُ اللہ گیارہ بار اول و آخر درود ۱۲۔۱۲ بار پڑھ کر دم کریں۔ پانی بچے کو وقفے وقفے سے پلائیں اور اس پانی سے بچے کو غسل بھی دیں۔ غسل کسی پاک جگہ پر دیں تاکہ پانی زمین میں جذب ہو جائے۔ بہ امر مجبوری غسل کی بجائے کسی کپڑے کو پانی میں بھگو کر بدن پر پھیر بھی سکتے ہیں۔ بچا ہوا پانی کسی پاک جگہ پر گرائیں۔ یہ عمل اکیس یوم تک بلاناغہ کریں۔ انشاء اللہ سوکھے پن سے نجات مل جائے گی۔ بعد از شفا بچے کے ہم وزن آٹا غریبوں میں خیرات کر دیں۔

سوکھا پن کے لئے

جو بچہ کسی بیماری یا آسیب کی وجہ سے سوکھ کر کانٹا ہو گیا ہو اور بیماری کا پتہ نہ چلتا ہو نہ ہی اسے کسی بھی دوا سے آرام آتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس کے لئے بعد از نماز فجر روغن زیتون لے کر اس پر اکیس مرتبہ سورۃ ملک اول و آخر درود شریف ۲۱۔۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ پھر اس روغن زیتون کی مالش بچے کے تمام جسم ہر روز انہ کریں اور ایک گھنٹہ کے وقفہ کے بعد بچے کو نیم گرم پانی سے نہلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے بچہ کا سوکھا پن ختم ہونا شروع ہو جائے گا اور تھوڑے ہی عرصہ میں مکمل ختم ہو کر بچے کو صحت و تندرستی

حاصل ہو جائے گی اور دوبارہ یہ شکایت نہ ہو گی۔

اٹھرا کے لئے

جس کسی کے بچے شیر خوار حالت میں فوت ہو جاتے ہوں یا پیدائشی کمزور اس قدر ہوں کہ ان کے بچنے کی کوئی امید نظر نہ آتی ہو تو نیلے رنگ کے سوت کی چالیس تار لے کر ان کی رسی بٹ لی جائے اور پھر اس رسی پر ایک سرے سے آخری سرے تک چالیس گرہیں اس طرح لگائیں کہ ہر گرہ لگاتے وقت ایک مرتبہ سورۃ ملک پڑھ کر دم کیا جائے، پھر اس گنڈے کو بچے کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ اس عمل سے بچہ زندہ رہے گا اور اس کی صحت بھی برقرار ہو جائے گی اور وہ کسی بھی قسم کی تکلیف اور مرض میں مبتلا نہ ہو گا۔

اٹھرا کے لئے

اگر کسی کے ہاں بچے کی ولادت مردہ حالت میں ہوتی ہو یا ولادت کے کچھ عرصہ کے بعد بچہ فوت ہو جاتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔


اس کے لئے چھالیہ لے کر اس پر ۱۲ مرتبہ سورۃ ملک بمعہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کریں اور چھالیہ کو کسی پاک سفید کپڑے کی پٹی میں رکھ کر نومولود کے بازو پر باندھ دیں یا اس کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ اس عمل سے بچہ محفوظ رہے گا اور طویل زندگی پائے گا۔


مسان کے لئے


جس حاملہ عورت کو مسان کی شکایت ہو اور اس کا حمل گر جاتا ہو، تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل کریں۔


سات تار کچے سوت کے لے کر اس کا گنڈہ تیار کریں۔ اس پر گیارہ بار سورۃ ملک پڑھ کر گیارہ گرہیں لگائیں ہر گرہ پر ایک مرتبہ سورۃ ملک پڑھ کر دم کرنا ہے، پھر اس گنڈہ کو عورت کی کمر میں باندھ دیں اور وضع حمل کے وقت کھول دیں۔ انشاء اللہ وہ حاملہ عورت مسان کے ضرر سے محفوظ و مامون رہے گی اور صحت مند بچے کو جنم دے گی۔


☆☆☆



سورۃ انعام سے
مشکلات کا حل



اسم اعظم سے
مشکلات کا حل



سے
مشکلات کا حل



لوح قرآنی
سے
مشکلات کا حل


دعائے گنج العرش
سے
مشکلات کا حل


سورۃ فاتحہ
سے
مشکلات کا حل


سورۃ یٰس
سے
مشکلات کا حل


بسم اللہ
سے
مشکلات کا حل


سورۃ مزمل
سے
مشکلات کا حل